ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
روزنامہ
چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین
کشمیر دھرتی
راولاکوٹ
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق
ایڈیٹر: عمر خیام
جلد 04 | بدھ 21 مئی 2025ء، 22 ذوالقعدہ 1446ء، 07 جیٹھ 2081 | صفحات 04 / قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 27

آزاد کشمیر جنگ سے متاثرہ کشمیری طلبہ کیلئے پنجاب کی جامعات میں کوٹہ مختص کرنے کا اعلان

بھارتی جارحیت سے جہاں مختلف طبقہ کے لوگوں متاثر ہوئے وہاں طلباء بھی متاثر ہوئے ہیں، ایل او سی کے متاثرین کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے اور ہر قدم ان کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے

آپریشن بنیان مرصوص نے دشمن بھارت پر پاک فوج کی ہیبت طاری کر دی، جس طرح ہماری افواج نے وطن کی سرحدوں کا دفاع کیا، جغرافیائی سالمیت کو یقینی بنایا اس پر پوری قوم کو پر فخر ہے، گورنر پنجاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر نے کہا ہے کہ وہ زلزلہ سے متاثرہ اضلاع کے طلباء کے لیے بحیثیت چانسلر جامعات پنجاب کوٹہ مختص کروں گا اور جہاں پہلے سے کوٹہ موجود ہے اس میں اضافہ کیا جائے گا وہ اپنے دورہ ایل او سی سے واپسی پر غیر سرکاری تنظیم سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے قائم مقام صدر سردار شانزیب شمیر کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گے عشائیہ کی تقریب کے دوران بات چیت کر رہے تھے۔ عوام کی جانب کے (بقیہ 31 صفحہ 03)

عباسپور (پی آئی ڈی) افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی اور بھارت کے خلاف آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی پر سیز فائر لائن کے قریب پیپلز پارٹی آزاد کشمیر (عباسپور) کے زیر اہتمام یوم تشکر ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر، پیپلز پارٹی آزاد کشمیر (بقیہ 32 صفحہ 03)

پونچھ میڈیکل کالج میں تزئین و آرائش سمیت اہم پراجیکٹس پر کام جاری

گراؤنڈ کی تعمیر کا کام بھی شروع کرنے کی تیاریاں، پارکنگ شیڈز کا منصوبہ بھی زیر غور، جلد کام شروع ہوگا

سیکرٹری صحت عامہ کی جانب سے حالیہ دورہ کے دوران پرنسپل میڈیکل کالج کے اقدامات پر تحسین، مبارکباد پیش

راولاکوٹ (پ ر) پونچھ میڈیکل کالج میں تزئین و آرائش کا کام تیزی سے جاری و ساری ہے۔ کلاسز اور ایڈمن بلاک کی اپ گریڈیشن کا بیشتر کام مکمل ہو چکا ہے جبکہ بقایا کام بھی چند ہفتوں میں پایہ تکمیل تک پہنچ جائے گا۔ کالج کی فرنٹ ایلی ویشن کو بھی اپ گریڈ کیا جا رہا ہے جبکہ موسم کی خراب صورت حال کے پیش نظر گراؤنڈ کی تعمیر معطل شدہ کام بھی دوبارہ شروع ہونے جا رہا ہے۔ جس کی تکمیل کے بعد کالج کے طلبہ کو سپورٹس کے لیے اپنا گراؤنڈ میسر (بقیہ 28 صفحہ 03)

مسئلہ کشمیر کا سہ فریقی حل ناگزیر ہے، صدر آزاد کشمیر

بہادر افواج نے بھارتی غرور خاک میں ملا کر رکھ دیا، بیرسٹر سلطان

اسلام آباد (دھرتی نیوز) صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر شاہ غلام قادر کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ موجودہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران ہماری پاک فوج نے بھارتی جنگی جارحیت کا منہ توڑ جواب دیتے ہوئے بھارت کے غرور کو خاک (بقیہ 29 صفحہ 03)

پاکستان کا گولڈن ٹیمپل کو نشانہ بنانے کا بھارتی فوجی الزام مسترد

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان نے امرتسر میں سکھوں کے مقدس مقام گولڈن ٹیمپل کو نشانہ بنانے کا بھارتی الزام کو مسترد کر دیا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان شفقت علی خان نے واضح (بقیہ 30 صفحہ 03)

وفاقی حکومت کے فنڈز کی تقسیم کا معاملہ جلد حل کر لیا جائیگا

وزیراعظم آزاد کشمیر

فراہم کردہ فنڈز کی تقسیم سے پیدا ہونے والی صورتحال بارے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت سے بات کی ہے

اختلاف رائے ہو سکتا ہے لیکن قومی یکجہتی کو نقصان پہنچنے کے احتمال بارے ایسا کوئی اقدام نہ اٹھایا جائے، چوہدری انوار الحق

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے کہا ہے کہ وفاقی حکومت کے فنڈز کی تقسیم پر پیپلز پارٹی کے تحفظات کا معاملہ اگلے دو تین روز میں حل کر لیا جائے گا۔ نجی ٹی وی سے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی فنڈز کی تقسیم کے حوالے سے پیدا ہونے والی صورتحال بارے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کی قیادت سے بات کی ہے، میں چونکہ ایل او سی کے دورے پر شہداء اور زخمیوں کے درمیان موجود تھا، اتحادی حکومت (بقیہ 33 صفحہ 03)

فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقیاب

حکومت پاکستان نے معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی اعلی حکمت عملی اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دی

فیلڈ مارشل آرمی میں جنرل کے رینک سے اوپر سب سے بڑا اور ایک اعلیٰ ترین فوجی عہدہ ہوتا ہے جو عام طور پر کسی ملک کی بری فوج میں دیا جاتا ہے، قبل ازیں یہ عہدہ صرف جنرل محمد ایوب خان کو دیا گیا تھا

اعزاز قوم کی امانت ہے جس کو نبھانے کے لیے لاکھوں عاصم بھی قربان ہیں، یہ انفرادی نہیں بلکہ افواج اور پوری قوم کے لیے اعزاز ہے، جنرل عاصم منیر کا صدر، وزیراعظم سمیت پوری کابینہ سے اظہار تشکر

وفاقی حکومت کا آپریشن بنیان المرصوص کی اعلی حکمت عملی مرتب کرنے پر جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینا دانشمندانہ فیصلہ ہے، وزیراعظم آزاد کشمیر، وزیر اطلاعات کی خصوصی مبارکباد

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومت پاکستان نے معرکہ حق آپریشن بنیان مرصوص کی اعلی حکمت عملی اور دشمن کو شکست فاش دینے پر جنرل سید عاصم منیر (نشان امتیاز ملٹری) کو فیلڈ مارشل (بقیہ 35 صفحہ 03)

مظفرآباد (پی آئی ڈی) آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوار الحق، وزیر اطلاعات پیر مظہر سعید نے پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی (بقیہ 36 صفحہ 03)

اسلام آباد (تحقیقاتی رپورٹ) فیلڈ مارشل آرمی میں جنرل کے رینک سے (بقیہ 37 صفحہ 03)

اسلام آباد: آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر شاہ غلام قادر ملاقات کر رہے ہیں

شملہ معاہدہ ختم ہوا تو لائن آف کنٹرول کا وجود بھی نہیں رہے گا، وزیر دفاع

بھارت کی حکمران اشرافیہ پر الزام لگ رہا ہے کہ وہ امریکی دباو کے آگے جھک گئی، رافیل کی ٹیل کا نمبر دنیا کو مل چکا

بھارتی میڈیا نے ساری صورت حال کو ایک فلم کی طرح پیش کر کے جھوٹ کا بازار گرم کیا، خواجہ آصف کا نجی ٹی وی کو انٹرویو

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ شملہ معاہدہ ختم ہوتا ہے تو لائن آف کنٹرول کا وجود بھی نہیں رہے گا، بھارت نہیں چاہتا کہ یہ تاثر دیا جائے کہ جنگ بندی کا فیصلہ اس کی طرف سے کیا گیا۔ ایک نجی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ بھارت کا تکبر اور غرور خاک میں ملا اور اب وہ اپنی شرمندگی چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ بھارتی میڈیا نے ساری صورت حال کو ایک فلم کی طرح پیش کیا اور جھوٹ کا (بقیہ 34 صفحہ 03)

4 سالہ ایل ایل بی پروگرام کی منظوری

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ہائر ایجوکیشن کمیشن نے 4 سالہ ایل ایل بی پروگرام کی منظوری دیدی ہے۔ نیشنل کریکولم ریویو کمیٹی برائے قانون کا تین روزہ جامع اجلاس ہائیر ایجوکیشن کمیشن آف پاکستان میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں بیچلر آف لاز (ایل ایل بی) کے نصاب کو زیر غور لایا گیا۔ اجلاس (بقیہ 52 صفحہ 03)

ہماری شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے، پاک فوج

پہلے رکے نہ کبھی آئندہ رکیں گے، ہم دہشتگردی کی لعنت سے لڑ رہے ہیں

راولپنڈی (صباح نیوز) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان پہلے جھکا ہے نہ اب جھکے گا، ہماری شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے۔ چائنہ میڈیا گروپ کو خصوصی انٹرویو دیتے ہوئے ڈی جی آئی ایس پی آر نے بھارت کیساتھ کشیدگی، پاک چین تعلقات اور خطے کی صورتحال پر اپنا موقف (بقیہ 53 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر میں سابق فوجیوں کو مسلح کرنے کا بھارتی منصوبہ

چار ہزار فوجیوں کو حساس مقامات کی حفاظت کیلئے تعینات کیا جائیگا، ذرائع

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر میں 4 ہزار سابق (بقیہ 40 صفحہ 03)

جمشید دستی کے اثاثوں، اسناد سے متعلق دائر درخواست پر فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن آف پاکستان میں سابق رکن قومی (بقیہ 39 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر، بڑے پیمانے پر سی سی ٹی وی کیمرے بھی نصب

بھارتی فورسز کی پکڑ دھکڑ مہم تیز، چھاپوں، جبری گرفتاریوں سے شدید خوف

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز کی طرف سے (بقیہ 38 صفحہ 03)

اسلام آباد: سابق وزیر اعظم تنویر الیاس سے سردار ضیاء القمر کی ملاقات کر رہے ہیں

سابق وزیر اعظم تنویر الیاس سے سردار ضیاء القمر کی ملاقات

آزاد کشمیر کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سکیورٹی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) استحکام پاکستان پارٹی آزاد کشمیر کے صدر و سابق وزیر اعظم سردار تنویر الیاس خان سے پیپلز پارٹی آزاد کشمیر کے سینئر رہنما اور سابق سینئر وزیر سردار قمر الزمان اور موجودہ وزیر حکومت سردار ضیاء القمر نے ان کی رہائش گاہ پر اہم ملاقات کی۔ ملاقات میں آزاد کشمیر (بقیہ 51 صفحہ 03)

یعقوب خان کا دورہ گرلز انٹر سائنس کالج کوئیاں، گراؤنڈ کیلئے 5 لاکھ کا اعلان

سٹاف کی کمی سمیت دیگر مسائل کو آئندہ بجٹ میں حل کرنے کی یقین دہانی' افواج پاکستان کو شاندار کامیابی پر عقیدت پیش کیا

کالج کے قیام کے وقت 4 لیکچرز مہیا کی گئی تھیں' 19 سال گزرنے کے باوجود کالج انہیں چار لیکچرز پر چل رہا ہے' میڈم نگینہ سرور

کھائی گلہ (نمائندہ خصوصی) سابق صدر، وزیراعظم و ممبر قانون ساز اسمبلی الحاج سردار محمد یعقوب خان کا دورہ گرلز انٹر سائنس کالج کوئیاں' گراؤنڈ کیلئے پانچ لاکھ روپے کا اعلان' سٹاف کی کمی سمیت تمام مسائل حل کرنے کی یقین دہانی۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ممبر قانون ساز اسمبلی' الحاج سردار محمد یعقوب خان نے پرنسپل ادارہ ہذا محترمہ نگینہ سرور کی دعوت پر گورنمنٹ گرلز انٹر کالج اپر کوئیاں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر پیپلز پارٹی کے رہنماؤں و کارکنان (بقیہ 41 صفحہ 03)

ریاستی اداروں پر اعتماد کی بحالی مضبوطی کیلئے عوامی مسائل حل کرنے پر زور

انتظامی افسران لاء اینڈ آرڈر کی بہتری اور مسائل کے بروقت حل کے لئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں

کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن کی زیر صدارت چاروں اضلاع کی انتظامیہ کے ساتھ ویڈیو لنک میٹنگ میں ہدایت

راولاکوٹ (پی آئی ڈی) کمشنر پونچھ ڈویژن مسعود الرحمن نے کہا ہے کہ حالیہ پاک بھارت کشیدگی اور جنگی حالات میں انتظامیہ اور پولیس نے جس جذبے سے عوام کی خدمت کی اور ان کے ساتھ کھڑے رہے، وہ قابل تعریف ہے۔ عوامی اعتماد میں مزید اضافے اور سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کے لیے افسران کو بروقت اقدامات جاری رکھنا ہوں گے۔ پونچھ ڈویژن کے چاروں اضلاع کی ضلعی انتظامیہ کے ساتھ کمشنر مسعود الرحمن کی زیر صدارت ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس رینج سردار ظہیر احمد بھی شریک تھے۔ اجلاس میں ڈپٹی کمشنر پونچھ سردار عمر فاروق، ڈپٹی کمشنر سدھنوتی (بقیہ 54 صفحہ 03)

سرمایہ کاروں کو صنعتی انفراسٹرکچر سے فائدہ اٹھانے پر زور

میڈیا، تفریحی صنعت روابط استوار کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے، رضوان سعید

لاس اینجلس (صباح نیوز) امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ نے کہا ہے کہ سرمایہ کار پاکستان کے صنعتی انفراسٹرکچر، نوجوان افرادی قوت اور مسابقتی منڈی تک رسائی سے بھرپور فائدہ اٹھائیں، پاکستان کو ایک اسٹریٹجک سرمایہ کاری کی منزل اور مضبوط اور مستقبل کے لیے تیار سپلائی چین (بقیہ 50 صفحہ 03)

ڈائریکٹر جنرل SDMA کا لنگر پورہ ویئر ہاؤس کا دورہ

موجود سٹاک کی صورتحال، منظم ترتیب، ریکارڈ کیپنگ سمیت مختلف امور کا معائنہ

مظفرآباد (دھرتی نیوز) ڈائریکٹر جنرل سٹیٹ ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی سردار وحید خان نے لنگر پورہ میں قائم SDMA ویئر ہاؤس کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر انتظامیہ نعمان شفیق نے ویئر ہاؤس میں موجود سٹاک کی صورتحال، اس کی منظم ترتیب، ریکارڈ کیپنگ اور ریلیف آپریشنز کے لیے تیاریوں سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے نے ویئر ہاؤس میں (بقیہ 42 صفحہ 03)

چیف جسٹس آزاد جموں کشمیر کی شیخ عبدالمجید کی وفات پر تعزیت

میرپور (پی آئی ڈی) چیف جسٹس آزاد جموں و کشمیر جسٹس راجہ سعید اکرم خان، سینئر جج سپریم کورٹ جسٹس خواجہ محمد نسیم اور جج سپریم کورٹ جسٹس رضا علی خان نے ڈسٹرکٹ ایڈیشن (بقیہ 43 صفحہ 03)

مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں امن ممکن نہیں، عاصم افتخار

تنازعہ جموں و کشمیر کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل کیا جانا چاہیے

نیویارک (کے پی آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد نے عرب گروپ کے سفراء کو بریفنگ دیتے ہوئے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں دیرپا امن ممکن نہیں۔ عاصم افتخار احمد نے عرب گروپ کے سفیروں کو جنوبی ایشیا کی موجودہ علاقائی صورت حال پر بر (بقیہ 49 صفحہ 03)

راولاکوٹ آپریشن بنیان المرصوص ریلی کا انعقاد آج کیا جائے گا

بہادر افواج کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے شہری حکومت، تمام کونسلرز کی جانب سے عوام کو بھی شرکت کی دعوت عام

انجمن تاجران راولاکوٹ کی جانب سے 21 مئی 2025 کو ریلی کے اوقات کار کے دوران شٹر ڈاؤن کی کال کا خیر مقدم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) میونسپل کارپوریشن راولاکوٹ کے زیر اہتمام 21 مئی کو آپریشن "بنیان المرصوص" ریلی کے حوالے سے تیاریوں کا سلسلہ انتہائی تیز کر دیا گیا ہے۔ کونسلرز نے اس سلسلہ میں مختلف سیاسی جماعتوں کی اہم شخصیات سمیت تاجران، وکلاء، صحافیوں، ڈاکٹرز، ملازم تنظیموں، ٹرانسپورٹرز کو بھی خصوصی طور پر ملاقاتوں کے دوران شرکت کی دعوت دی ہے۔ اس دعوتی مہم کے دوران تمام سیاسی و سماجی تنظیموں کی جانب سے کارپوریشن کے اس اقدام کو بھرپور سراہتے ہوئے شرکت کی یقین دہانی کروائی گئی ہے۔ گزشتہ روز کونسلرز کی خصوصی کمیٹی جس میں سردار شاہد خورشید، سردار عامر رفیق، (بقیہ 55 صفحہ 03)

او آئی سی 15-ڈائیلاگ پلیٹ فارم کی کانفرنس اختتام پذیر

مصنوعی ذہانت میں تعلیم، تحقیق، بنیادی ڈھانچے، ٹیکنالوجی کی منتقلی پر زور

تہران (صباح نیوز) او آئی سی 15-ڈائیلاگ پلیٹ فارم کی دوسری وزارتی کانفرنس اسلامی جمہوریہ ایران کے دارالحکومت تہران میں اختتام پذیر ہو گئی، جس میں رکن ممالک نے (بقیہ 48 صفحہ 03)

کشمیری متحد ہو کر اپنے حق خودارادیت کیلئے آواز بلند کریں، سردار اصغر خان

جموں کشمیر میں سیز فائر لائن کو جنگ کا ایسا میدان بنا کر رکھا گیا ہے جہاں کوئی جنگی قوانین اور کنونشنز لاگو نہیں ہوتے

سیز فائر لائن کے ہر دو اطراف نقصانات کا درست تخمینہ لگایا جائے اور ان نقصانات کا ازالہ کیا جائے، پریس کانفرنس

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جموں کشمیر لبریشن فرنٹ نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ جموں کشمیر گزشتہ 76 سالوں سے بھارت اور پاکستان کے مابین جنگی جنون اور جنگلی دشمنی اور امن کے کھیل کی تختہ مشق بنا ہوا ہے۔ ایک بار پھر اس جنگی جنون میں جموں کشمیر میں سیز فائر لائن کے دونوں اطراف درجنوں مرد، خواتین اور بچوں کی جان چلی گئی ہے، سینکڑوں زخمی ہیں اور ہزاروں نقل مکانی پر مجبور ہوئے ہیں۔ سینکڑوں مکانات اور املاک تباہ ہو چکی ہیں، مویشی ہلاک ہو چکے ہیں۔ کشمیری عوام ایک خوف اور وحشت کے سائے میں اپنی زندگیاں گزارنے پر مجبور ہیں۔ جبکہ دونوں (بقیہ 44 صفحہ 03)

بھارتی وزیر اعظم انسانیت کا قاتل ہے، راجہ فاروق حیدر

آپریشن سندور کی ناکامی کا بدلہ مسلمانوں اور ہندوؤں سے لیا جا رہا ہے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سابق وزیر اعظم آزاد کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ پروفیسر نتاشا کول کی مودی کی عوام دشمن پالیسیوں پر تنقید کی وجہ سے ہندوستانی شہریت ختم کرنا مسلمہ بین الاقوامی قوانین کے تحت بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے نتاشا کو سیکرٹری (بقیہ 47 صفحہ 03)

ظہیر احمد بابر
جنرل عاصم منیر
ایڈمرل نوید اشرف
اسلامی جمہوریہ پاکستان کی افواج کے سربراہان

اور پاک فوج کے شاہینوں کو **بنیان مرصوص** آپریشن کی شاندار کامیابی بالخصوص انڈین غرور اور گھمنڈ کو خاک میں ملانے پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارک پیش کرتے ہیں اور ہم ہمیشہ پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے

منجانب

عدیل حمید M.D کلاسک فرنیچر ہب

افضل کمپلیکس سی ایم ایچ بائی پاس روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر

0334-5772551 - 0316-1980262

CLASSIC FURNITURE HUB

کشمیریوں کو باصلاحیت قیادت کی ضرورت ہے، بشیر سدوزئی

نوجوانوں ہی میں سے کوئی سامنے آئے گا جو تحریک کو منطقی انجام تک پہنچائے گا

کیلگری (دھرتی نیوز) معروف ادیب و مصنف اور تجزیہ نگار بشیر سدوزئی نے کہا کہ تحریک آزادی کشمیر کو باصلاحیت مدبر اور دلیر قیادت کی ضرورت ہے جو بین الاقوامی لیڈروں کو اس بات پر قائل کر سکے کہ مسئلہ کشمیر برصغیر کے دو ارب انسانوں کی زندگی کے لیے خطرہ ہے۔ اس کو حل کیے بغیر جنوبی ایشیا میں امن قائم ہونا ممکن نہیں۔ پاکستان اور کشمیریوں کے مفاد میں ہے کہ کے ایجنڈے خورشید کے دیئے ہوئے (بقیہ 46 صفحہ 03)

آزاد پتن ڈیم سے مظفرآباد کے ایک نوجوان کی ڈیڈ باڈی 1 ماہ بعد برآمد

نوجوان کا نام شعیب خان، تعلق مظفرآباد نیلم سے ہے جو 22 اپریل کو دریا میں نہاتے ہوئے ڈوب گیا تھا

ورثاء نے شناخت کر لی، قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد ڈیڈ باڈی آبائی گاؤں روانہ، نماز جنازہ کے بعد تدفین مکمل

سدھنوتی (دھرتی نیوز) آزاد پتن ڈیم سے ایک نوجوان کی ڈیڈ باڈی ریکوری کی گئی ہے جس کے بارے میں ابتدائی تحقیقات میں یہ بات سامنے آئی ہے کہ نوجوان کا تعلق نیلم سے تھا جو 1 ماہ قبل نہاتے ہوئے دریا میں ڈوب کر جاں بحق ہو گیا تھا۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق پونچھ واٹر ریسکیو اسٹیشن 1122 آزاد پتن نے گزشتہ روز اطلاع ملنے پر کارروائی کا آغاز کیا اور نوجوان کی ڈیڈ باڈی کو ریسکیو کیا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق یہ ڈیڈ باڈی شعیب خان ولد (بقیہ 45 صفحہ 03)

گلیات کوہی اور تراڑ کی عوام کو پانی کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا

محکمہ پبلک ہیلتھ کی جانب سے ایک کنٹیجنٹ ملازم کو پانی کی فراہمی کیلئے ذمہ داری دینے پر بھی شدید تحفظات

اہلکار کے تبادلے کیلئے بھی ذمہ داران کو آگاہ کیا جس کی وجہ سے مشکلات ہیں لیکن شنوائی نہیں ہوئی، عوام علاقہ کی تنقید

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) عوام علاقہ گلیات کوہی پانی کی بوند بوند کو ترس گئے محکمہ پبلک ہیلتھ پانی کی فراہمی میں مکمل ناکام ہوگیا ہے جس کی بڑی وجہ افسران کی نااہلی ہے جن کا ماتحت عملے پر کوئی کنٹرول نہ ہے پچھلے دو سال سے ایک کنٹیجنٹ ملازم نے گلیات کوہی اور تراڑ کے عوام کو پانی کے لیے ذلیل و خوار کیا ہوا ہے عوام علاقہ کے کئی وفد ایس ڈی او، ایکسین اور ایس ای پبلک ہیلتھ کے آفس میں پیش ہوئے اور مطالبہ کیا کہ ایک اہلکار پانی کی فراہمی میں رکاوٹ (بقیہ 01 صفحہ 03)

بلاول بھٹو کی نااہلی کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر

بلاول بھٹو الیکشن ایکٹ کے تحت رکن قومی اسمبلی نہیں رہ سکتے، درخواست

لاہور (صباح نیوز) رکن قومی اسمبلی اور سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کی نااہلی کیلئے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کردی گئی۔ درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ بلاول بھٹو بیک وقت پیپلز پارٹی اور پیپلز پارٹی پارلیمنٹیرینز دونوں کے رکن ہیں جو کہ الیکشن ایکٹ کی خلاف ورزی ہے الیکشن ایکٹ کے تحت بیک وقت 2 سیاسی جماعتوں کی رکنیت نہیں رکھی جاسکتی۔ درخواست میں (بقیہ 02 صفحہ 03)

راولپنڈی، مولانا عبدالجلیل نقشبندی کی نماز جنازہ ادا

سابق امیر جماعت اسلامی سراج الحق سمیت اہم شخصیات کی شرکت

راولپنڈی (صباح نیوز) ممبر مجلس شوریٰ جماعت اسلامی پاکستان و سابق امیر راولپنڈی مولانا عبدالجلیل نقشبندی کی نماز جنازہ ریس کورس گراؤنڈ راولپنڈی میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق، نائب امیر لیاقت بلوچ، میاں محمد اسلم، سابق پارلیمنٹیرین ڈاکٹر عطاء الرحمن، سابق لیگی سینیٹر چوہدری تنویر خان، ملک ابرار، پی ٹی آئی اسلام آباد کے رہنما مولانا (بقیہ 04 صفحہ 03)

سرینگر کی بھارتی انتظامیہ بنکروں کی تعمیر کے نام پر کروڑوں روپے کھا گئی

415.73 کروڑ روپے کی میگا کرپشن زبان زد عام، بنکروں کی عملی طور پر تعمیر زمین سے مکمل طور پر غائب

بنکر موجود ہوتے تو پونچھ میں گولہ باری سے ہونے والی تباہی کو کافی حد تک روکا جاسکتا تھا، اعجاز جان و دیگر کا رد عمل

سری نگر (کے پی آئی) سانبا، جموں، کٹھوعہ، پونچھ اور راجوری اضلاع میں سرحدی باشندوں کے لیے محفوظ بنکروں کے نام پر مقبوضہ کشمیر کی بھارتی انتظامیہ نے 415.73 کروڑ روپے کی کرپشن کرلی ہے۔ سال 2018 میں بھارتی حکومت نے جموں و کشمیر کے سرحدی علاقوں میں رہنے والے لوگوں کے لیے انڈر گراؤنڈ بنکر بنانے کے منصوبے کو منظوری دی تھی۔ سال 2018 میں جموں ڈویژن کے سانبا، جموں، کٹھوعہ، پونچھ اور راجوری اضلاع (بقیہ 05 صفحہ 03)

مظفرآباد: ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر انسپکٹر رضوان ڈار ریسکیو 1123 میں ڈرائیورز کی آسامی کا ٹیسٹ لے رہے ہیں

غزہ میں خوراک کے محض 9 ٹرکوں کے داخلے کی اجازت شرمناک عمل قرار

11 ہفتوں سے جاری مکمل محاصرے کے بعد یہ مقدار سمندر میں ایک قطرہ ہے جو انتہائی ناکافی اقدام ہے

امداد کی ایک باقاعدہ ترسیل ہونی چاہیے اور راستوں کے استعمال کی اجازت دی جائے، اقوام متحدہ کا شدید رد عمل

نیویارک (صباح نیوز) اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ 20 لاکھ سے زیادہ فلسطینیوں کی آبادی والے علاقے غزہ میں خوراک کے 9 ٹرکوں کے داخلے کی اجازت سمندر میں ایک قطرہ ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کے انسانی امور کے نائب سیکرٹری ٹوم فلیچر نے گزشتہ روز بیان میں کہا کہ اسرائیل نے کرم ابو سالم کراسنگ کے ذریعے 9 امدادی ٹرکوں کو غزہ میں داخل ہونے کی اجازت دی ہے جو غزہ میں 11 ہفتوں (بقیہ 06 صفحہ 03)

عباسپور بجلی کی لوڈشیڈنگ، کم وولٹیج کے خاتمہ کیلئے 1 ہفتے کی ڈیڈ لائن

ایک فیڈر کے ذریعے 80 ہزار کی آبادی کو بجلی فراہم کی جارہی ہے جبکہ ہجیرہ گرڈ اسٹیشن میں 8 فیڈر 2 لاکھ آبادی کو کور کررہے ہیں

حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر عملی اقدامات کرے، بصورت دیگر عوام کا شدید رد عمل سامنے آئے گا، سردار امجد یوسف

عباسپور (دھرتی نیوز) بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور لو وولٹیج کے خلاف احتجاج کی دھمکی، انجمن تاجران نے مسئلہ حل کرنے کے لیے ایک ہفتے کی مہلت دے دی۔ وائس چیئرمین میڈیا بورڈ انجمن تاجران عباسپور۔ ہیڈکوارٹر عباسپور میں جاری بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ اور کم وولٹیج کے باعث عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ صرف ایک فیڈر کے ذریعے 80 ہزار کی آبادی کو بجلی فراہم کی جارہی ہے، جبکہ ہجیرہ گرڈ اسٹیشن میں 8 فیڈر 2 لاکھ آبادی کو کور کر رہے (بقیہ 07 صفحہ 03)

مہاجرین جموں کشمیر کے ماہانہ گزارہ الاؤنس میں اضافہ کیا جائے، عزیر احمد

مہاجرین جموں کشمیر کی آبادکاری کے سلسلے میں ایک جامع چارٹر آف ڈیمانڈ پیش

مظفرآباد (صباح نیوز) مہاجرین جموں کشمیر 1989 نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ ماہانہ گزارہ الاؤنس میں اضافے اور آبادکاری کے جامع منصوبے کا اعلان کریں۔ امیر مہاجرین جموں کشمیر 1989 تحصیلات کے مطابق مہاجرین جموں کشمیر 1989 نے وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ وہ مہاجرین کے دیرینہ مطالبے ماہانہ گزارہ (بقیہ 26 صفحہ 03)

غیر مصدقہ پوسٹ شیئر کرنے کا مقدمہ

صنم جاوید کی درخواست ضمانت مسترد

لاہور (صباح نیوز) لاہور کی سیشن عدالت نے ریاستی اداروں کے خلاف غیر مصدقہ پوسٹ سوشل میڈیا پر شیئر کرنے کے مقدمے میں پاکستان تحریک انصاف کی رہنما صنم جاوید کی ضمانت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ ایڈیشنل سیشن جج (بقیہ 08 صفحہ 03)

سنگولہ، پاک فوج کی جانب سے بھارت کو عبرتناک جواب دینے کا خیر مقدم

پاک فوج ہمارے ماتھے کا جھومر، بہادر افواج نے بھارت جیسے مکار دشمن کو شکست دیکر پوری دنیا کو حیران کردیا ہے

شہداء کی قربانیوں، جرات کو ہم سلام پیش کرتے ہیں اور بلندی درجات کے لئے دعا گو ہیں، عارف مغل و دیگر کی گفتگو

سنگولہ (نمائندہ خصوصی) راولاکوٹ کے قریبی گاؤں سنگولہ سے تعلق رکھنے والی سیاسی و سماجی شخصیات جن میں سردار محمد عارف مغل، عبدالرؤف اعوان، محمد عاشق اعوان، زبیر احمد قادری، سردار اسحاق مغل، محمد تحریر اعوان، محمد خان سدوزئی، محمد رشید حسرت، حنیف اعوان ایڈووکیٹ و دیگر نے ذرائع ابلاغ کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاک فوج کے آفیسران اور جوان ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں۔ پاکستان کی بہادر افواج نے بھارت جیسے (بقیہ 09 صفحہ 03)

ڈوڈیال، محمد غالب، فہیم کیانی و دیگر کے اعزاز میں استقبالیہ

پاک فوج نے بھارت کو کڑا جواب دیکر اسکا غرور خاک میں ملادیا، مقررین

ڈوڈیال (کے پی آئی) جماعت اسلامی ڈوڈیال آزاد کشمیر نے کشمیری تارکین وطن رہنماؤں کے اعزاز میں استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا۔ تقریب سے تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب، ایک کشمیر برطانیہ کے صدر راجہ فہیم کیانی، تحریک کشمیر برطانیہ ساؤتھ لندن کے رہنما راجہ عارف کیانی، یو کے اسلامک مشن مڈلینڈ کے رہنما کاشف منیر بزمی (بقیہ 18 صفحہ 03)

وزیراعلیٰ پنجاب سے برطانوی ہائی

کمشنر کی ملاقات

لاہور (صباح نیوز) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی اور (بقیہ 19 صفحہ 03)

مظفرآباد: محکمہ شہری دفاع کی جانب سے آزاد کشمیر بھر میں سول ڈیفنس کے تربیتی پروگرام اور لیکچرز کا سلسلہ جاری ہے

توشہ خانہ اور احتجاج کیس، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کو عدالت پیش

نہ کیا جاسکا

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں توشہ خانہ اور احتجاج کیس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو عدالت پیش نہ کیا جاسکا۔ منگل کو اسلام آباد (بقیہ 03 صفحہ 03)

سرینگر، VPN استعمال کرنیوالوں کیخلاف کریک ڈاؤن

ضلع ڈوڈا میں ایک بڑی تعداد میں شہری گرفتار، پوچھ گچھ کا عمل جاری

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں وی پی این استعمال کرنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن شروع کردیا ہے۔ اس سلسلے میں کئی افراد کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پہلگام حملے کے بعد مقبوضہ کشمیر کی بھارتی انتظامیہ نے عوامی نظم، امن اور قومی سلامتی کو سنگین خطرہ کا حوالہ دیتے ہوئے انڈین سول سیفٹی کوڈ دفعہ 163 کے تحت پرائیویٹ نیٹ ورک (وی پی این) پر پابندی لگا دی تھی تاکہ (بقیہ 17 صفحہ 03)

سرینگر، آزادی پسند رہنماؤں کی برسی پر خصوصی تقریبات کا اعلان

حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے تحت (کل) اسلام آباد میں سیمینار ہوگا

سری نگر (کے پی آئی) ممتاز آزادی پسند رہنماؤں میرواعظ مولوی محمد فاروق اور خواجہ عبدالغنی لون اور شہدائے حول کی برسی کل (بدھ کو) منائی جائے گی اس موقع پر شہید رہنماؤں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے سیمینارز اور فاتحہ خوانی کا اہتمام کیا جائے گا اور مقررین مقبوضہ کشمیر میں بھارتی فورسز کے ہاتھوں کشمیریوں کی نسل کشی کی مذمت کریں گے۔ کشمیریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ مزار شہداء عیدگاہ سری نگر جاکر تمام کشمیری شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کریں (بقیہ 15 صفحہ 03)

غزہ پر مکمل کنٹرول کا اسرائیلی

منصوبہ، سویڈن کی شدید مذمت

سٹاک ہوم (صباح نیوز) سویڈن کی وزیر خارجہ ماریہ مالمر سٹینرگارڈ نے غزہ پر مکمل کنٹرول کے اسرائیلی منصوبے کی مذمت کی ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وزیر خارجہ ماریہ مالمر سٹینرگارڈ نے اپنے رد عمل میں کہا کہ اگر اس قبضے اور (بقیہ 16 صفحہ 03)

پوری قوم پاک فوج کی پشت پر کھڑی ہے، قاری آصف

کشمیر کی عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ لڑنے کے لیے تیار ہیں، اجلاس

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) امیدوار اسمبلی حلقہ غربی باغ تعمیر و ترقی کے ہیرو سردار ساجد اقبال کی ہدایات پر پاک فوج زندہ باد یوم تشکر ریلی کا اجلاس ایم ریسٹ ہاؤس میں طلب کیا گیا جس میں عوامی دست و بازو یونین کونسل چوڑ کی تمام وارڈوں پولنگ سٹیشنز کے صدر جنرل سیکرٹری سمیت نائب صدر اور دیگر عہدے داران نے بھرپور شرکت کی اجلاس میں قاری آصف اقبال، راجہ عبدالرحمن، ڈاکٹر راجہ (بقیہ 14 صفحہ 03)

باغ، 22 مئی کو افواج پاکستان زندہ آباد ریلی کی تیاریاں

تمام کشمیریوں کے دل پاکستان کے ساتھ دھڑکتے ہیں، ڈپٹی کمشنر باغ

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر باغ راجہ محمد صداقت خان نے کہا ہے کہ 22 مئی کو افواج پاکستان زندہ باد تاریخی ریلی ہوگی، باغ کا ہر شہری افواج پاکستان سے اظہار یکجہتی کے لیے گھروں سے نکلے گا، آر پار کشمیری ملکر افواج پاکستان کے ساتھ یکجہتی منائیں گے اور دنیا کو یاد کروایا جائے گا کہ کشمیریوں کے دل ایک ساتھ دھڑکتے ہیں اور دونوں اطراف کے کشمیری پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے (بقیہ 13 صفحہ 03)

نیشنل جابز پورٹل سائبر حملے کی وجہ سے کئی دنوں سے غیر فعال

این آئی ٹی بی کئی دن گزر جانے کے باوجود نیشنل جابز پورٹل کو فعال نہ کیا جاسکا

اسلام آباد (صباح نیوز) نیشنل جابز پورٹل کا سائبر حملے کی وجہ سے کئی دنوں سے غیر فعال ہونے کا انکشاف ہوا ہے، این آئی ٹی بی کئی دن گزر جانے کے باوجود نیشنل جابز پورٹل کو فعال نہ کیا جاسکا، سرکاری ملازمتوں میں درخواست دینے کی آخری تاریخ گزر رہی ہے مگر امیدوار پورٹل بند ہونے کی وجہ سے درخواست ہی جمع نہیں کروا سکتے۔ اس خبر رساں ادارے کے مطابق نیشنل انفارمیشن (بقیہ 12 صفحہ 03)

بانی پی ٹی آئی کے ساتھ رابطوں سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں

کسی شخص کو عدالتی عمل کے بغیر جیل سے نہیں نکالا جاسکتا، سینیٹر عرفان صدیقی

اسلام آباد (صباح نیوز) سینیٹ میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر اور خارجہ امور کمیٹی کے چیئرمین سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی کے ساتھ رابطوں سے متعلق خبریں بے بنیاد ہیں۔ کسی خاکی، کسی نوری، کسی ناری نے بانی پی ٹی آئی سے کوئی رابطہ نہیں کیا۔ ایک نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے پس پردہ مذاکرات یا ڈیل کی خبروں میں کوئی صداقت نہیں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ ہمارے راہنماؤں (بقیہ 27 صفحہ 03)

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی

اسمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث

ملزم کو گرفتار، 21 پاسپورٹس برآمد

اسلام آباد (صباح نیوز) ایف آئی اے انسداد انسانی اسمگلنگ سرکل اسلام آباد نے کامیاب کارروائی کرتے ہوئے انسانی اسمگلنگ اور ویزہ فراڈ میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ ایف آئی اے (بقیہ 11 صفحہ 03)

تھوراڑ بازار میں کچرے کے سنگین مسائل، فوری اقدامات پر زور

انتظامیہ فوری طور پر نوٹس لے اور ہنگامی حکمت عملی بھی مرتب کرے، مطالبہ

تھوراڑ (دھرتی نیوز) تھوراڑ بازار کا کچرا عرصہ 30 سال سے نالہ روڈ پر پھینکا جا رہا ہے جس کے باعث عوام کے تمام پانی آلودہ ہو چکے ہیں۔ تھوراڑ بازار جو اب شہر کی شکل اختیار کر گیا ہے دیگر مسائل کے ساتھ اس کا کچرے کا مسئلہ سنگین صورتحال میں تبدیل ہو گیا ہے۔ اس کچرے کی وجہ سے عوام کے ہر گھر میں بیماری ہے ان بیماریوں کی وجہ پورے تھوراڑ شہر کا کچرا ہے جو ہمارے گھروں (بقیہ 10 صفحہ 03)

چناری گرڈ سٹیشن کیلئے کروڑوں کی لاگت سے خرید کردہ ٹرانسفارمر غائب

گزشتہ سال ٹرانسفارمر خریدا، دسمبر میں جب گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا میں ٹرانسفارمر کی تنصیب کا کام شروع کیا گیا تو وہ خراب

مئی گزرنے کے بعد بھی محکمہ برقیات تیس کروڑ سے زائد مالیت کا نیا ٹرانسفارمر واپڈا سے لینے میں ناکام ہے، شدید تشویش

چناری (اعجاز احمد میر، خصوصی رپورٹ) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق کے آزاد کشمیر میں گڈ گورننس کے دعوے ہوا میں اڑا دیے گئے، گرڈ اسٹیشن ہٹیاں بالا پر تنصیب کے لیے خریدا گیا تیس کروڑ روپے سے زائد مالیت کا ٹرانسفارمر پر اسرار طور پر غائب، عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ کی لہر دوڑ گئی، تاجروں نے ٹرانسفارمر کی عدم تنصیب کے باعث مشاورت سے احتجاج کا اعلان کردیا۔ تفصیلات کے مطابق محکمہ برقیات آزاد کشمیر نے تیس کروڑ سے زائد مالیت کا گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا پر تنصیب کے لیے واپڈا سے گزشتہ سال ٹرانسفارمر خریدا اور دسمبر میں جب گرڈ سٹیشن ہٹیاں بالا میں ٹرانسفارمر کی تنصیب (بقیہ 20 صفحہ 03)

کراچی، رینجرز پولیس کی کارروائی، کالعدم تنظیم کا کارندہ گرفتار

ملزم درویش عرف ساگر سے اسلحہ، ایمونیشن اور دستی بم بھی برآمد ہوا، ذرائع

کراچی (صباح نیوز) پاکستان رینجرز (سندھ) اور سندھ پولیس نے انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کراچی کے علاقے لیاری سے کالعدم بلوچ عسکریت پسند تنظیم سے تعلق رکھنے والے ملزم درویش عرف ساگر کو گرفتار کرلیا۔ ملزم کے قبضے سے اسلحہ، ایمونیشن اور دستی بم بھی برآمد ہوئے ہیں۔ درویش عرف ساگر محلہ سرگواد لیاری کراچی کا رہائشی ہے۔ ملزم نے 2015 میں بی ایل اے آزاد میں شمولیت (بقیہ 22 صفحہ 03)

گاندربل ضلع میں آسمانی بجلی گرنے

سے کم ازکم 40 بھیڑ بکریاں ہلاک

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر کے گاندربل ضلع میں آسمانی بجلی گرنے سے کم ازکم 40 بھیڑ بکریاں ہلاک ہوگئیں۔ یہ مویشی خانہ بدوش عبدالوحید کٹانہ ساکن سندرنی، راجوری (بقیہ 21 صفحہ 03)

پڑھو پڑھاؤ تحریک" بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کررہے ہیں، منعم ظفر خان

3 ہزار بچوں میں مفت کورس اور بیگ کی تقسیم بھی اسی علم دوستی کے عزم کی ایک جھلک ہے

کراچی (صباح نیوز) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی "بنو قابل پروجیکٹ" اور "پڑھو پڑھاؤ تحریک" کے ذریعے مسلسل کراچی کے بچوں اور نوجوانوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کررہی ہے، ٹی ایم سی ناظم آباد کے تحت سرکاری اسکولوں کے 3 ہزار بچوں اور بچیوں میں مفت کورس اور بیگ کی تقسیم بھی اسی علم دوستی کے عزم کی ایک جھلک ہے۔ ناظم آباد ٹاؤن سمیت (بقیہ 24 صفحہ 03)

پی ڈی ایم اے کا درجہ حرارت میں

اضافے اور ہیٹ ویو الرٹ جاری

لاہور (صباح نیوز) پی ڈی ایم اے نے درجہ حرارت میں اضافے اور ہیٹ ویو الرٹ جاری کردیا، ریلیف کمشنر پنجاب نبیل جاوید کی کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کو الرٹ رہنے کی ہدایات کی ہے، محکمہ اسکول ایجوکیشن، ہیلتھ، ٹرانسپورٹ (بقیہ 23 صفحہ 03)

سردار خالد ابراہیم (مرحوم) میموریل ٹورنامنٹ میں ہورنہ میرہ سپورٹس فاتح

فائنل ہورنہ میرہ سپورٹس (خان کبیر خان کلب تھلیاں) بمقابلہ ڈائمنڈ کلب راولاکوٹ (صغیر شہید کلب نمب پلندری) کھیلا گیا

فاتح ٹیم کو 2 لاکھ، رنراپ کیلئے 1 لاکھ، سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرنے ٹیموں کو پچاس پچاس ہزار روپے سمیت ٹرافیاں

ہورنہ میرہ (دھرتی نیوز) ہورنہ میرہ سپورٹس کے زیر اہتمام پہلا آل آزاد کشمیر سردار خالد ابراہیم خان (مرحوم) میموریل اوپن سائیڈ اے سائیڈ والی بال ٹورنامنٹ کا معرکہ ہورنہ میرہ سپورٹس کی ٹیم نے اپنے نام کرلیا۔ ہورنہ میرہ سپورٹس (خان کبیر خان کلب تھلیاں) بمقابلہ ڈائمنڈ کلب راولاکوٹ (صغیر شہید کلب نمب پلندری) کھیلا جانے والا فائنل راؤنڈ تاریخی فتح کے ساتھ ہورنہ میرہ سپورٹس کی ٹیم نے اپنے نام کیا۔ ہورنہ میرہ کے گراؤنڈ میں بھرپور انداز میں جاری رہا ٹورنامنٹ میں آزاد کشمیر بھر سے کل 16 ٹیموں نے شرکت کی جبکہ مختلف نامی گرامی کھلاڑی اور سپر سٹارز بھی اس عظیم الشان اور پر (بقیہ 25 صفحہ 03)

آپ جہاد نہیں کر سکتے تو کم از کم بائیکاٹ تو کیجیے
آپ بھی قاتل ہیں!
اسرائیل روزانہ پانچ سو مسلمانوں کو قتل کر رہا ہے روزانہ سو بچوں کو شہید کر رہا ہے آپ بھی فلسطینی بچوں کے قتل میں ملوث ہیں اگر آپ انکی مصنوعات استعمال کر رہے ہیں تو آپ بھی قاتل ہیں۔
KFC
BOYCOTT
خدارا!
ہمیشہ کے لئے اسرائیلی مصنوعات کا استعمال بند کردیں اگر آپ یہ سب نہیں کھائیں گے یا پئیں گے تو مر نہیں جائینگے۔
Pakistani Brands

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE
روزنامہ کشمیر دھرتی
HD NEWS
FOLLOW US ON
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti/twitter
Dailydharti/Instagram
Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

ادارتی صفحہ Editorial

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

کشمیریوں پر نئے مظالم کی حکمت عملی

جموں و کشمیر میں بھارتی فورسز نے ضلع پونچھ میں متعدد مقامات پر گھروں پر چھاپے مارے تاکہ علاقے میں خوف و ہراس کا ماحول پیدا کیا جا سکے۔ فورسز کے اہلکاروں نے تقریباً 18 مقامات پر گھروں پر چھاپے مارے اور تلاشی لی جن میں زیادہ تر آزادی پسند کارکنوں اور ان کے رشتہ داروں کے گھروں کو نشانہ بنایا گیا۔ حکام نے بتایا کہ چھاپوں کے دوران کئی الیکٹرانک آلات ضبط کیے گئے۔ ادھر بھارتی فورسز کے اہلکاروں نے ضلع کے علاقے منڈی میں بھی گھروں پر چھاپے مارے۔ آخری اطلاعات آنے تک چھاپہ مار کارروائیوں کا سلسلہ جاری تھا۔ بھارتی پولیس اور ریاستی تحقیقاتی ایجنسی (SIA) نے وادی کشمیر میں بھی 11 مقامات پر چھاپے مارے اور متعدد نوجوانوں کو پوچھ گچھ کے نام پر گرفتار کر لیا۔ بھارتی فورسز نے ضلع شوپیاں میں دو کشمیری نوجوانوں کو گرفتار کر لیا۔

فورسز کے اہلکاروں نے ضلع کے علاقے ڈی کے پورہ میں محاصرے اور تلاشی کی ایک کارروائی کے دوران زاہد احمد اور انور خان نامی دو نوجوانوں کو گرفتار کیا۔ بھارتی فورسز نے نوجوانوں کی گرفتاری کا جواز پیش کرنے کے لیے ان سے اسلحہ و گولہ بارود برآمد کرنے کا دعویٰ کیا۔ نوجوانوں کے خلاف امام صاحب پولیس اسٹیشن میں ایف آئی آر درج کی گئی ہے اسی کے ساتھ ساتھ بھارتی حکومت نے کشمیریوں پر مظالم کے سلسلے کو مزید سخت کرنے کیلئے ریٹائرڈ فوجیوں کو بھی مسلح کرنے کا پلان ترتیب دیا ہے، بظاہر تو بھارتی حکومت نے یہ موقف اختیار کیا ہیکہ یہ اہلکار حساس تنصیبات سمیت اہم نوعیت کے منصوبوں کی حفاظت پر معمور ہوں گے لیکن پس پردہ اس سلسلے کو آغاز کشمیریوں کی آواز کو دبانے کیلئے کیا گیا ہے جس کے پیش نظر ضرورت اس امر کی ہیکہ پاکستان اور آزاد کشمیر کی حکومتیں عالمی سطح پر ان بھارتی اقدامات کو موثر انداز میں اجاگر کریں اور کشمیریوں کے پیدائشی حق خودارادیت کیلئے راہ ہموار کرنے کیلئے اپنی کوششوں کو تیز کریں۔

ذہین فطین... غازی علم الدین

چٹکا

ڈاکٹر محمد صغیر خان

اس نے "صلیبی جنگیں" لڑیں نہ "پانی پت" کے معرکے، کیونکہ اسے "بلند آہنگی" نصیب تھی نہ آہنی خود و زرہ، اور اس کا لباس تھا بلکہ وہ ایک دھیما پن لئے بچتا بچاتا، ہنستا مسکراتا، کہتا سنتا علم، ادب اور خاص کر اُردو کے محاذ پر ڈٹا لڑتا رہا۔ وہ "قصور" کا جم پل تھا۔ وہاں کی فضاء ¹، ہوا اور مٹی کی اپنی ہی ایک تاثیر ہے، وہ سب کچھ اندر سمیٹے بلھے شاہ کے ویڑے سے اٹھ کر میاں محمد بخش کے ڈیرے پر آن پہنچا تو ایک بشاشت اور لطافت اسے دان کر دی گئی۔ ناٹے قد، عمومی نقوش اور پنجاب کی گرمی اور منگلا کنارے کے معتدل سے موسم کے اثرات کے تحت گندم گوں رنگت رکھنے والا وہ شخص جہاں علم کی دولت رکھتا تھا وہاں اسے حلم و شائستگی کا خزانہ بھی یوں ودیعت ہوا تھا کہ زیست بھر اسے جھولی بھر بھر لوٹاتا رہا لیکن اس میں کبھی کوئی کمی "پرتی" نہیں ہوئی۔ وہ عجیب سا تھا۔ وہ "مقدمہ باز" تھا، ایک "مستقل" "مقدمہ باز"........ اور ہمارے ہاں "مقدمہ بازی" کے طے شدہ اصول ہیں۔ وہ بہت با اصول تھا لیکن اس نے مقدمہ باز ہوتے ہوئے "مقدمہ بازی" کے مسلمہ ضوابط سے گریز کیا۔ نہ اس میں "مارو جلادو" والی زور آوری تھی، نہ تلخی و ترشی بھرا کڑوا لہجہ، نہ کانوں کے پردے پھاڑتی چیخ چنگھاڑ اور نہ ہی لاؤ لشکر...... وہ ہنستا مسکراتا، شیریں لہجے میں کم کہتا زیادہ سنتا، محنت بلکہ مشقت آمیز تحقیق کی راہ پر چلتا رہا اور ساری حیاتی "اُردو" کا مقدمہ لڑتا رہا۔

وہ بے فیض معاشرے کا فیض یافتہ بندہ تھا، وہ بلھے شاہ سے میاں محمد بخش تک سبھوں سے فیض یاب ہوتا، ایک چھتنار شجر کی طرح تپتی دھوپ میں کھڑا دوسروں کو چھاؤں مہیا کرتا رہا۔

ادب اس کا اوڑھنا بچھونا تھا بلکہ میرے خیال میں وہ تحقیق کی کھردری چٹائی پر بیٹھا تھا۔ خیال و فکر کی "لوئی" کی بکل مارے ہر سمے کچھ سوچتا، کھوجتا، جیتا، مرتا رہا اور پھر ایک باوقار زندگی جی کر حوصلے سے موت کو گلے لگا کر، اس سے باتیں کرتا، ایک ناختم ہونے والی زیست سے دو دو ہاتھ کرنے دھیمی سی چال چلتا کہیں اور چل پڑا۔

وہ اسم با مسمیٰ تھا، وہ غازی تھا کہ وہ ادب اور اُردو کا مجاہد تھا۔ وہ علم الدین بھی تھا اور علم اٹھانے والا ایک ذہین فطین بھی۔ اس کی ذات کی ساخت کا سائنسی تجزیہ ہوتا تو اس کی کیمیاء میں حیاء ¹ کے علاوہ ادب کی رغبت اور اُردو کی محبت کے بنیادی عناصر یقیناً سامنے آتے کہ ان کے وفور نے قصور سے اس کو میرپور لا یا پہنچایا اور یہاں ہزار ہا فتور سے دور اپنی محبت کے سرور میں ڈوبا لکھتا رہا...... پڑھتا رہا، سوچتا رہا، کھوجتا رہا اور پھر لکھتا رہا۔

اس کی لکھاوٹ اس کی "لگاوٹ" کی عکاس ہے۔ وہ "میثاق عمرانی" تحریر کریں یا "لسانی مطالعے" کہیں یا "تنقیدی و تجزیاتی زاویے" یا پھر "تخلیقی زاویے" ڈھونڈھیں کھوجیں وہ کسی ایک جگہ کہاں ٹک کر بیٹھنے والے تھے، یہی وجہ ہے کہ وہ آگے بڑھے اور "لسانی زاویے" سامنے لائے۔ پھر انہوں نے "اُردو کا مقدمہ" لکھا۔ ازاں بعد "میزان انتقاد و فکر" ہاتھوں میں لئے "کشت فکر و آگہی" پھیلاتے ایک لمبے سفر پر نکل کھڑے ہوئے۔ یہاں ہی درمیان میں وہ مرحلہ آیا جب حفیظ الرحمٰن احسن نے "مشاہیر ادب کے خطوط بنام غازی علم الدین" یکجا کیے تو ساتھ ہی ڈاکٹر آصف حمید نے "اہل قلم کے مکاتیب بنام غازی علم الدین" اکٹھے کیے۔ درمیان ہی میں اس نے "سرِش" کو نیا روپ اور تابندگی عطا کی اور "سیماب" کی سحر انگیزیاں بھی بڑھائیں۔ وہ بلھے شاہ کے قصور کا جم پل تھا، اسی لئے اس کے اندر نرم گفتاری اور شیرینی تھی۔ پھر وہ میاں صاحب کے "میراں پور" میں آن گڑھا بڑھا سو منگلا کنارے کے باعث اس میں ٹھہراؤ بھی تھا اور ٹھنڈک بھی۔ ان خصائص نے اسے "خاص نہیں" "خاص الخاص" بنا ڈالا۔ وہ عمر بھر اردو زبان کی نک سک درست کرتے اور اس کے نٹ بولٹ کستے خوش دلی سے وقت گزارتا رہا۔ خوش دلی، شاید اس کے مزاج کا حصہ تھی، یہی وجہ ہے کہ سرطان نے ان پر حملہ کیا تو وقت کا گاما پہلوان کی طرح اس نے کمال حوصلے مگر خوش دلی سے اس سے داؤ پیچ کھیلے۔ اس شدید وبال کے زمانے میں نہ اس کے چہرے پر ملال آیا نہ وہ کسی طرح "جلال" کا شکار ہوا اور نہ ہی زوال آیا۔ کمال متانت سے اپنے اوسان بحال رکھے، سرطان کے تکلیف دہ اور ہیجان خیز ماہ و سال گزارتا رہا۔ وہ سراپا ادیب تھا، صد شکر کہ وہ کسی طرح کا "خطیب" نہ تھا بلکہ ایک ایسا طبیب تھا جو عمر بھر "رقیب" نہ بن سکا۔

غازی علم الدین گئے وقتوں کے حقیقی صاحبان علم کا عہد کا ولی عہد تھا۔ گہرا، گیا مطالعہ اور وہ بھی اوکھی بہت اوکھی نوعیت کا مطالعہ، اس کا شوق تھا اور یقیناً یہی اس کا ذوق بھی تھا، ورنہ یہ وہ بھاری پتھر ہے جسے ہما شما محض ہاتھ لگا کر چھوڑ دیتے ہیں۔

"اردو" ان کی آرزو تھی اور اس کی "خوشبو" ان کے لئے مہک و عطر، اسی لئے اس کے اثر میں رہتے بستے وہ رانجھا رانجھا کردیاں آپ رانجھن ہو گئے تھے۔ حروف، الفاظ، مرکبات، تشبیہات کی درستگی ان کے شرق کے لئے مہمیز کا کام دیتی تھی۔ وہ لفظ لفظ، حرف حرف کھوجتے اجالتے اور اسے سنبھالتے رہے ہیں۔ وقت کے مستند ادباء ¹ اور محققین نے انہیں اپنا رہبر سمجھا اور ان سے استفادہ کیا۔ اس امر کی واضح مثالیں ڈاکٹر مناظر عاشق ہرگانوی کی "لسانی لغت" اور "اردو معیار و استعمال" ہیں جو اہتمام سے دہلی سے شائع ہوئی ہیں۔

غازی علم الدین بلاشبہ کم گو مگر تخلیقی شعور اور وجود کے باب میں بھرے پورے تھے، مگر وہ ویسے نہیں تھے جو منہ سے چھلکنے لگتے، انہیں بھرم رکھنا اور رکھ رکھاؤ سے رہنا آتا تھا۔

غازی علم الدین، آزاد کشمیر کی حد تک اپنی نوعیت کے واحد محقق اور تخلیق کار تھے۔ وہ بے حد منظم اور مرتب انسان تھے تو سلجھے ہوئے مدیر، بہترین تخلیق کار، کہنہ محقق اور بھلے رسیلے استاد تھے۔ ان کا حلقہ احباب بے حد وسیع نہ سہی لیکن کسی بھی طور محدود و مختصر نہ تھے۔ وہ جہاں آزاد کشمیر میں بڑے احترام سے جانے جاتے تھے وہاں وہ پاکستان ہندوستان سمیت دنیا بھر کے حقیقی اُردو دان طبقے میں ایک معیار اور وقار کی نشانی تھے۔ ان کی شخصیت کا دھیما پن ان کے وجود کے سجاؤ سجاوٹ میں یوں معاون تھا کہ اس میں ایک اور طرح نکھار آ گیا تھا۔

غازی صاحب لسانیات کے ماہر تو تھے ہی مگر بنیادی طور پر ادیب تھے۔ یوں ان کی تحریریں ادبی چاشنی سے کبھی بھی خالی نہیں ہوتیں اور نہ ہی ان میں تحقیقی مصالحہ کچھ اتنا بڑھتا کہ عام ذہن استعداد کے قاری کے لئے درک اور فہم کا مسئلہ بن جائے۔

مجموعی طور پر دیکھا پرکھا جائے تو بلا تامل ماننا کہنا ہوگا کہ غازی علم الدین ایک "نیا پرنٹیا" صاحب علم تھے جو لسانیات کا کمال درک رکھتے تھے۔ ادراک اور تفہیم کے جوہر کتنے انہیں باقیوں سے منفرد اور مختلف صورت میں ڈھالا اور پھر اسی راہ پر چلتے رہے، جیسے انہوں نے تخلیقی و تحقیقی سفر میں کبھی پیچھے مڑ کر نہیں دیکھا۔ ایسے ہی انہوں نے اس جہاں سے گزرتے ہوئے یقیناً ذرا بھی تاسف نہ کیا ہوگا کہ وہ پاک طینت تھے، سو رب کے حضور حاضری کے لئے بے قرار ہوتے ہوں گے۔ اللہ یقیناً انہیں عافیت سے نوازے، گزارے گا۔

☆☆☆☆☆

جنگیں مذاق نہیں ہوتیں

مہمان کالم

نائمہ میر (اسسٹنٹ پروفیسر)

یہ وہ تماشا نہیں جو اسکرین پر بیٹھ کر دیکھا جائے۔ نہ ہی وہ نعرہ جو جذبات کے طوفان میں بہا کے بولا جائے۔ جنگیں صرف میزوں پر کھینچی گئی لکیریں نہیں ہوتیں نہ ہی ٹی وی چینلز پر چلنے والی بریکنگ نیوز۔ جنگ اصل میں وہ لمحے ہوتے ہیں جب ایک ماں کی گود ہمیشہ کے لئے خالی ہو جاتی ہے۔ جب کسی کی مانگ اجڑ جاتی ہے۔ جب بچوں کے ہنستے خون میں بھیگ جاتے ہیں اور جب زمینیں لاشوں سے بھر جاتی ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے جب فضاء میں صرف بارود کی بو نہیں ہوتی بلکہ خوف، بے بسی اور پچھتاوے کی سوگھ بھی شامل ہو جاتی ہے۔ جب اسپتال بند، اسکول ویران اور بازار سنسان ہو جاتے ہیں۔

افسوس...... آج ہم پھر اسی دہانے پر کھڑے ہیں جہاں گولی کی گونج، امن کے ہر خواب کو چکنا چور کرنے کو تیار ہے۔ اور ہم میں سے بہت سے اب بھی یہ سمجھنے سے قاصر ہیں کہ جنگ کا مطلب صرف دشمن کی ہلاکت نہیں بلکہ انسانیت کی بھی شکست ہے۔ جب بھارت اور پاکستان جیسے ایٹمی طاقتوں کے حامل ممالک میں کشیدگی بڑھتی ہے تو یہ صرف سرحدی تناؤ نہیں ہوتا بلکہ پوری دنیا کی توجہ تشویش اور اندیشے ایک نکتے پر مرکوز ہو جاتے ہیں۔ یہاں پر ہر اشتعال انگیز بیان، ہر سرحدی جھڑپ اور ہر فیک نیوز کسی بڑی تباہی کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ ہم دونوں ممالک کے عوام نے گزشتہ کئی دہائیوں میں بے شمار جنگوں، سرجیکل اسٹرائیکس اور معصوم جانوں کے ضیاع کا مشاہدہ کیا ہے۔ لیکن پھر بھی یہ سوال باقی ہے۔ کیا ہم نے ان جنگوں سے کچھ سیکھا؟

یہ محض دو ملکوں کی ضد یا سیاسی بیان بازی نہیں بلکہ کروڑوں انسانوں کے مستقبل کا سوال ہے۔ آج اگر ایک بھی فریق جذبات میں آ کر ایٹمی ہتھیاروں کی طرف بڑھتا تو جنگ کے بعد شاید کوئی فاتح نہ ہو فقط ملبہ، راکھ اور خالی گودیں بچیں۔ کیا ہماری دشمنی اتنی بڑی ہے کہ ہم نسلوں کی بقا کو داؤ پر لگا دیں؟

ہم اس خطے میں پہلے ہی غربت، بے روزگاری، تعلیمی پسماندگی اور ماحولیاتی تباہی جیسے مسائل کا سامنا کر رہے ہیں اور ان سب پر ایک ایٹمی جنگ کا سایہ؟؟؟ کیا ہم وہ بدقسمت نسل بننا چاہتے ہیں جو صرف جنگی جنون وراثت میں چھوڑے گی؟ تاریخ گواہ ہے کہ جنگوں نے کبھی بھی پائیدار امن نہیں لایا۔ کارگل سے لے کر پلوامہ تک ہر واقعہ نے ہمیں صرف لاشیں دی ہیں۔ تو سوال یہ ہے کہ اگر جنگ سے نہ کچھ حاصل ہوا ہے نہ ہوگا تو پھر ہم بار بار اسی خونی دائرے میں کیوں لوٹتے ہیں؟ ایٹمی جنگ صرف ایک سیاسی یا عسکری فیصلہ نہیں ہوتی یہ تہذیبوں کا اجتماعی خودکشی نامہ ہوتی ہے۔ جب بٹن دبایا جاتا ہے تو صرف دشمن نہیں جلتا بلکہ انسانیت کی پوری تاریخ، اس کی آرزوئیں، اس کی خواہشیں، اس کی کتابیں اور اس کے خواب راکھ بن جاتے ہیں۔ یہ وہ جنگ نہیں جہاں صرف سپاہی مرتے ہیں بلکہ یہ وہ بجلی ہے جہاں معصوم بچوں کی ہنسی، ماؤں کے گیت اور بزرگوں کی دعائیں جل کر خاموش ہو جاتی ہیں۔

ایٹم بم کسی مخصوص ہدف کو نہیں مارتا یہ دھرتی کو کوکھ آسمان کو سیاہ اور ہوا کو زہر آلود کر دیتا ہے۔ یہ وہ جنگ ہے جس میں جیتنے والا بھی صرف اس لئے زندہ ہوتا ہے کہ شکست کو گن سکے۔ ایسی فتح جس میں زمین بانجھ ہو اور آسمان ماتمی لباس پہنے۔ وہ کسی قوم کی سربلندی بلکہ پوری نسل کی رسوائی ہوتی ہے اور افسوس آج جب ایٹمی تباہی کا سایہ ہماری سرحدوں پہ منڈلا رہا ہے تو دونوں اطراف کے حکمران لفظوں سے بارود کھود رہے ہیں اور عوام سوشل میڈیا پر جنگ کو کھیل سمجھ کر تالیاں بجا رہے ہیں جیسے موت کوئی فلمی سین ہو اور راکھ کا ڈھیر۔ صرف خبروں کی ایک تصویر۔

جنگ کا سب سے بڑا المیہ یہ نہیں کہ لوگ مرتے ہیں بلکہ یہ ہے کہ مرنے والے ہمیشہ وہ ہوتے ہیں جنہوں نے جنگ کا فیصلہ نہیں کیا ہوتا۔ فیصلہ ایوانوں میں ہوتا ہے، موت گلیوں میں اترتی ہے۔ جن کے ہاتھوں میں اقتدار کی مہریں ہیں وہ میزوں پر بیٹھ کر جنگ کو شطرنج سمجھتے ہیں اور جنہیں مہرہ بنایا جاتا ہے ان کے ہاتھ میں صرف کفن کی چادر رہ جاتی ہے۔ ایوانوں کی خاموشی میں لکھی گئی یہ جنگی سازشیں، ان ماؤں کی چیخوں میں دفن ہو جاتی ہیں جن کے بیٹے وطن کی قیمت چکا کر خاموش ہو جاتے ہیں۔ مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ جنگ کے بعد فاتحین اپنی تقریروں میں امن کا گیت گاتے ہیں اور شکست خوردہ اپنی لاشوں کو دفناتے ہوئے خاموشی سے ان کا نوحہ سنتے ہیں۔ یہ وہ لمحہ ہوتا ہے جب سوال اٹھتا ہے کیا امن صرف خون کے بدلے ہی خریدا جائے گا؟ کیا سیاسی ہٹ دھرمی اور قوم پرستی کے نام پر ہر نسل اپنی قبریں کھودے گی؟

جب ریاستیں جنگ کو انا کا مسئلہ بنا لیتی ہیں تو قبریں صرف سپاہیوں کی نہیں کھدتی بلکہ پوری نسلوں کی امیدیں دفن ہو جاتی ہیں۔ بھارت کے بازار ہوں یا پاکستان کی گلیاں ہر طرف ایک سا درد بکھرتا ہے۔ دونوں طرف وہی مائیں ہوتی ہیں جن کی گودیں خالی ہوتی ہیں، وہی بچے ہوتے ہیں جو یتیمی کی راتوں میں باپ کی آہٹ ڈھونڈتے ہیں اور وہی عورتیں جو ساری عمر سفید چادر میں لپٹے تابوت کے ساتھ گزار دیتی ہیں۔ ہر جنگ نے زخم ہی دیئے ہیں وہ بھی دونوں طرف۔

جب بھی سرحدوں پر جنگ کے خطرات بڑھے بھارتی میڈیا کا کردار ہمیشہ متنازعہ رہا۔ یہ میڈیا محض خبروں کی رپورٹنگ نہیں کرتا بلکہ ایک طوفان برپا کر کے جنگی جنون کو ہوا دیتا ہے۔ بھارتی میڈیا نہ صرف جنگ کو ایک ناگزیر حل بناتا ہے بلکہ عوام کے دلوں میں نفرت کی ایسی لگن پیدا کرتا ہے کہ ہر طرف جنگ کی خواہش بڑھتی ہے۔ یہ صورت حال اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ بھارتی میڈیا کا کردار محض جنگ کی حقیقت کو بڑھاوا دینا اور اس میں مزید شدت دینا ہے۔

جب بھارت کے میڈیا چینلز جنگی جنون کو ہوا دے رہے ہیں، جب ہر خبر میں اشتعال انگیزی کا عنصر شامل ہے، جب وہاں کا بچہ بچہ پاکستان پر حملہ کی بات کر رہا ہے ایسے میں پاکستان کے نوجوان ایک اور ہی دنیا کے باسی لگتے ہیں۔ یہاں سنجیدہ ردعمل دینے کے بجائے سوشل میڈیا پر میمز، لطیفے اور جنگ کو تفریح کا سامان بنا دیا گیا ہے۔ یہ کیسا المیہ ہے کہ دشمن سرحد پر للکار رہا ہے۔ بیمار حالت میں بھارت کے مریض واپس دھکیلے جا رہے ہیں اور ہمارے ہاں جنگ کو مزاح میں لپیٹ کر پیش کیا جا رہا ہے۔ یہ صرف غیر سنجیدگی نہیں بلکہ ایک اجتماعی غفلت ہے، سوشل میڈیا پر فلمی مذاق اور ٹرینڈز کی دوڑ میں ہماری نوجوان نسل نے سنجیدہ قومی معاملات کو بھی کھیل سمجھ لیا ہے۔ کیا یہ وہ باشعور نسل ہے جسے کل ملک کی باگ ڈور سنبھالنی ہے۔ ہمیں یہ سمجھنا ہوگا کہ جنگ کبھی بھی خبر نہیں یہ صرف شر ہے اور وہ شر جس سے خیر نہیں نکل سکتا۔ جنگ کی آگ میں جل کر انسانیت ختم ہو جاتی ہے اور جب تک ہم اپنی اجتماعی فکر اور دانشمندی سے ان خطرات کا مقابلہ نہیں کرتے تب تک بے شمار زندگیاں مٹی میں ملتی رہیں گی۔

پاکستان اور بھارت دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں اور ان کے درمیان جنگ کا آغاز نہ صرف اس خطے بلکہ پوری دنیا کے لئے تباہی کا باعث بن سکتا ہے۔ جنگ کوئی حل نہیں بلکہ تباہی اور غم کا آغاز ہوتی ہے۔ ہمیں اپنے وطن کی حفاظت کرنی ہے لیکن ساتھ ہی انسانیت کی بقاء کے لئے، امن کے لئے ایک دوسرے کے ساتھ بات چیت اور سمجھوتے کا راستہ اختیار کرنا ہوتا۔ جنگ لطیفوں کا موضوع نہیں، یہ انسانیت کا جنازہ ہے اور اگر آج کی نسل نے وقت پر شعور نہ اپنایا تو کل کے ماتم کا حصہ وہ خود ہوں گے۔

سائبر سیکورٹی: ایک سنجیدہ ذمہ داری

مہمان کالم

ڈاکٹر لبنیٰ ظفر

انچارج سائبر سیکورٹی (جامعہ پونچھ)

ڈیجیٹل دنیا نے جہاں انسان کو بے شمار سہولیات فراہم کی ہیں، وہیں اس کے ساتھ ایسے خطرات بھی جنم لیے ہیں جو بظاہر نظر نہیں آتے مگر نتائج کے اعتبار سے نہایت نقصان دہ ہو سکتے ہیں۔ ان خطرات میں سب سے بڑا اور سب سے کم سمجھا جانے والا خطرہ سائبر سیکورٹی کا ہے۔ سائبر سیکورٹی اب محض ایک ٹیکنیکل شعبہ نہیں رہا بلکہ یہ ہر شہری کی روزمرہ زندگی کا حصہ بن چکا ہے۔ ایک عام فرد سے لے کر ایک بڑے ادارے تک، ہر سطح پر حساس معلومات کی حفاظت ایک بنیادی ضرورت بن چکی ہے۔

جدید دور میں ہماری ذاتی اور پیشہ ورانہ معلومات، مالی تفصیلات، تعلیمی ریکارڈز، تحقیقی مواد، تصاویر، اور دیگر قیمتی ڈیٹا مکمل طور پر ڈیجیٹل فارم میں موجود ہوتا ہے۔ بدقسمتی سے بیشتر صارفین یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے پاس چوری ہونے کے لیے کچھ قیمتی نہیں، اسی غلط فہمی کا فائدہ ہیکرز اور آن لائن جرائم پیشہ افراد اٹھاتے ہیں۔ انٹرنیٹ پر موجود ہر شخص ایک ممکنہ ہدف ہے، چاہے وہ فیس بک استعمال کر رہا ہو، ای میل بھیج رہا ہو یا آن لائن خریداری کر رہا ہو۔

سائبر جرائم کی اقسام میں فشنگ، مال ویئر، رینسم ویئر، سوشل انجینئرنگ، ڈیٹا لیک اور سسٹمز کی غیر مجاز رسائی شامل ہیں۔ یہ سب ایسے طریقے ہیں جن کے ذریعے ہیکرز آپ کی معلومات چوری کر سکتے ہیں یا آپ کے سسٹم کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں اس حوالے سے شعور بہت کم ہے۔ افراد، تعلیمی ادارے، دفاتر، حتیٰ کہ سرکاری محکمے بھی سائبر تحفظ کو سنجیدہ نہیں لیتے، جس کے نتیجے میں ذاتی اور قومی سطح پر معلومات کا ضیاع ہوتا ہے۔

سائبر سیکورٹی کی اصل بنیاد احتیاط، سمجھداری اور بروقت اقدامات پر ہے۔ ایک محفوظ ڈیجیٹل ماحول کی تشکیل کے لیے ہمیں اپنی معلومات کی قدر کو سمجھنا ہوگا۔ ہر فرد کو اس بات کا ادراک ہونا چاہیے کہ اس کی ذاتی فائلیں، بینکنگ تفصیلات، شناختی معلومات یا تحقیقی کام کس قدر قیمتی ہیں اور انہیں محفوظ رکھنا صرف آئی ٹی ماہرین کی نہیں بلکہ خود اس کی بھی ذمہ داری ہے۔

پاسورڈز کا انتخاب اس انداز میں ہونا چاہیے کہ وہ منفرد اور پیچیدہ ہوں۔ انٹرنیٹ پر لاگ ان کرتے وقت دوہری تصدیق کا طریقہ اپنانا ایک محفوظ قدم ہے۔ اپنے سسٹمز اور سافٹ ویئر کو باقاعدگی سے اپڈیٹ کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ نئے سکیورٹی خطرات سے بچاؤ ممکن ہو سکے۔ موبائل فون، لیپ ٹاپ اور دیگر آلات میں استعمال ہونے والی ایپس پر مکمل نظر رکھنی چاہیے۔ کسی بھی غیر ضروری یا مشکوک ایپلیکیشن کو فوراً ڈیلیٹ کر دینا چاہیے۔ پبلک وائی فائی استعمال کرتے ہوئے حساس معلومات کا تبادلہ نہیں کرنا چاہیے۔ ہیکرز ان نیٹ ورکس کے ذریعے با آسانی آپ کی معلومات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ اسی طرح پرانی ڈیوائسز کو بیچنے یا ری سائیکل کرنے سے پہلے ان میں موجود تمام ڈیٹا کو مکمل طور پر مٹانا چاہیے۔

یونیورسٹی آف پونچھ میں ہم سائبر سکیورٹی کو انتہائی اہمیت دیتے ہیں۔ بطور انچارج سائبر سکیورٹی، میری اولین ترجیح یہ ہے کہ طلبہ، اساتذہ اور عملہ اس موضوع پر مکمل طور پر باخبر ہوں۔ اس مقصد کے لیے ہم تربیتی پروگرام، آگاہی سیشنز، اور حفاظتی اقدامات کو فروغ دے رہے ہیں تاکہ ہمارا تعلیمی ماحول محفوظ، فعال اور جدید تقاضوں کے مطابق ہو۔

آج کے دور میں ڈیجیٹل معلومات ہماری شناخت، کام اور مستقبل کی نمائندہ ہوتی ہیں۔ ان کی حفاظت صرف ایک تکنیکی ضرورت نہیں بلکہ ایک اخلاقی اور قومی ذمہ داری بھی ہے۔ جب تک ہم خود اس شعور کو نہ اپنائیں، تب تک کوئی سکیورٹی سسٹم ہمیں مکمل تحفظ فراہم نہیں کر سکتا۔ ایک محفوظ ڈیجیٹل معاشرہ تبھی ممکن ہے جب ہر فرد اس مقصد میں اپنا کردار بھرپور طریقے سے ادا کرے۔

☆☆☆☆

فنی تربیت میں سافٹ اسکلز کی شمولیت: ایک ناگزیر ضرورت

آج کی دنیا صرف ہنر کی نہیں بلکہ کامیاب برتاؤ، اچھی گفتار، مثبت رویے اور ٹیم ورک کی بھی دنیا ہے۔ صرف مشین چلانا، نقشہ پڑھنا یا کوڈ لکھ لینا کافی نہیں، بلکہ اس کے ساتھ ساتھ دوسروں کے ساتھ مل جل کر کام کرنے، مؤثر گفتگو کرنے، وقت کی پابندی کرنے، اور پیشہ ورانہ اخلاقیات کا مظاہرہ کرنے کی صلاحیت بھی ضروری ہو گئی ہے۔ یہی وہ صلاحیتیں ہیں جنہیں ہم Soft Skills یعنی "نرم مہارتیں" کہتے ہیں۔

ماضی میں فنی تعلیم کا مطلب صرف ہنر سکھانا تھا۔ مثلاً، ایک ویلڈر کو صرف ویلڈنگ، ایک الیکٹریشن کو صرف وائرنگ اور ایک ڈرافٹس مین کو صرف نقشہ سازی کی تربیت دی جاتی تھی۔ لیکن آج کی انڈسٹریز اور مارکیٹ کی ضروریات بدل چکی ہیں۔ اب کسی بھی فنی ماہر سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ صرف ہنرمند ہی نہ ہو بلکہ ذہین، بردبار، ٹیم پلیئر، اور مؤثر گفتگو کرنے والا بھی ہو۔

یہی وجہ ہے کہ اب دنیا بھر میں فنی تربیت کے اداروں میں Soft Skills کی شمولیت کو ناگزیر سمجھا جا رہا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک میں ہر ٹیکنیکل کورس کے ساتھ Communication Skills، Time Management، Conflict Resolution، Problem Solving، Work Ethics، اور Customer Handling جیسے موضوعات بھی سکھائے جا رہے ہیں۔

پاکستان میں بھی یہ رجحان آہستہ آہستہ پنپ رہا ہے۔ NAVTTC، TEVTA، PVTC اور مختلف TVET ادارے اپنی کورسز میں سافٹ اسکلز کو شامل کر رہے ہیں۔ کچھ ادارے ان موضوعات پر الگ ماڈیول تیار کر چکے ہیں، جبکہ بعض ادارے عملی سرگرمیاں، گروپ ورک، سیمینارز اور انٹرنشپ کے ذریعے طلبہ کی سافٹ اسکلز بہتر بنا رہے ہیں۔

اس وقت ضرورت اس امر کی ہے کہ سافٹ اسکلز کو فنی تربیت کا جزو لازم بنایا جائے، نہ کہ محض اختیاری یا ضمنی چیز سمجھا جائے۔ انسٹرکٹرز کو خود اس بات کی تربیت دی جائے کہ وہ اپنے طلبہ کو کلاس روم میں ہی Communication، Teamwork، Presentation کی مشقیں کروائیں۔ TVET نصاب کو از سر نو مرتب کر کے ہر سطح پر soft skills کے ماڈیولز شامل کیے جائیں۔

سافٹ اسکلز کی اہمیت اس وقت اور بھی بڑھ جاتی ہے جب ہمارے فنی ماہرین بیرون ملک ملازمت کے لیے جاتے ہیں۔ بین الاقوامی مارکیٹ صرف ہنر دیکھتی ہے، لیکن رویہ، بات چیت کا انداز اور اخلاقیات کو بھی بڑی اہمیت دی جاتی ہے۔ ہماری ورک فورس اگر ان پہلوؤں میں کمزور ہو تو وہ روزگار کے مواقع کھو بیٹھتی ہے۔

طلبہ کو یہ سمجھانا ضروری ہے کہ ایک اچھا مستری، پلمبر، الیکٹریشن یا کمپیوٹر آپریٹر بننے کے لیے صرف ہنر ہی کافی نہیں، بلکہ ایک اچھا سننے والا، سیکھنے والا، اور دوسروں سے مؤثر طریقے سے کام لینے والا انسان بھی ہونا ضروری ہے۔

اساتذہ کو چاہیے کہ وہ سافٹ اسکلز کو صرف تھیوری تک محدود نہ رکھیں بلکہ روزمرہ تدریس میں اسے عملی سرگرمیوں کے ذریعے سکھائیں۔ ڈیمو پریزنٹیشنز، گروپ ڈسکشنز، رول پلے، انٹرپرینیورشپ سرگرمیاں، اور پروجیکٹ ورک کے ذریعے طلبہ کی شخصیت کو نکھارا جا سکتا ہے۔

حکومت، TVET حکام، اور ادارہ جاتی سربراہان کو سافٹ اسکلز کے فروغ کو اپنی پالیسی کا حصہ بنانا ہوگا۔ صرف اسی صورت میں ہم ایک ایسی فنی ورک فورس تیار کر سکیں گے جو نہ صرف ہنرمند ہو بلکہ انسانی برتاؤ، قیادت، اور مواصلات میں بھی مثالی ہو۔

آخر میں یہ کہنا غلط نہ ہوگا کہ فنی مہارتیں انسان کو کام دیتی ہیں، لیکن نرم مہارتیں اسے ترقی کی راہ پر گامزن کرتی ہیں۔ اگر ہم اپنے طلبہ کو مکمل پیشہ ور بنانا چاہتے ہیں تو ہمیں سافٹ اسکلز کو فنی تربیت کا لازمی حصہ بنانا ہوگا۔

ٹیکسوں اور کاروباری ماحول سے متعلق اعلیٰ سطح مشاورتی اجلاس

پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے قابل پیشن گوئی اور منصفانہ ٹیکس کا ڈھانچہ لازمی قرار

اسلام آباد (صباح نیوز) پلڈاٹ کے زیر اہتمام اسلام آباد میں ٹیکس اور کاروباری ماحول سے متعلق ایک اعلیٰ سطحی مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اس فورم نے پاکستان کے سیاسی، کاروباری، میڈیا اور سول سوسائٹی کے شعبوں کی سرکردہ آوازوں کو اکٹھا کیا تاکہ ساختی اقتصادی چیلنجز پر غور کیا جا سکے اور اقتصادی بحالی اور استحکام کے لیے قابل عمل اصلاحات کی سفارش کی جا سکے۔ پاکستان کے چیف اکانومسٹ ڈاکٹر امتیاز احمد نے کلیدی خطاب کیا۔ اصلاحات کے حوالے سے حکومت کے عزم کو تسلیم کرتے ہوئے، انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کے ساتھ پاکستان کی مصروفیت نے مالیاتی لچک کو محدود کر دیا ہے، یہ کہتے ہوئے کہ آئی ایم ایف پروگرام کے تحت محدود تدبیر کے باوجود، حکومت کاروبار کے لیے مزید سازگار ماحول پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہے۔ شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے پلڈاٹ کے صدر احمد بلال محبوب نے ملک کے ٹیکس نظام میں اصلاحات پر ضرورت زور دیتے ہوئے کہا کہ پائیدار اقتصادی ترقی کے لیے قابل پیشن گوئی اور منصفانہ ٹیکس کا ڈھانچہ ضروری ہے۔ انہوں نے تعمیل کے آسان طریقہ کار پر زور دیا اور سیاسی گفتگو کے ساتھ ساتھ اقتصادی پالیسی پر زیادہ توجہ دینے پر زور دیا

☆☆☆☆

بلڈ پریشر ایک خاموش قاتل ہے، ماہرین صحت کا انتباہ

سگریٹ نوشی سے پرہیز اور باقاعدہ بلڈ پریشر چیکنگ کو معمول کا حصہ بنایا جائے

فیصل آباد (صباح نیوز) بلڈ پریشر ایک ایسا خاموش قاتل ہے جو بغیر کسی واضح علامت کے دل، دماغ اور گردوں جیسے اہم اعضاء کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے کے موقع پر سرل فارماسیوٹیکل کے زیر اہتمام فیصل آباد پریس کلب میں منعقدہ پریس کانفرنس میں ماہرین صحت نے عوام کو خبردار کرتے ہوئے کہا کہ اس مہلک بیماری سے بچاؤ کا واحد راستہ بروقت تشخیص، باقاعدہ علاج اور طرز زندگی میں مثبت تبدیلیاں ہیں۔ ڈاکٹر اسلم گابھا، ڈاکٹر ریحان ریاض، ڈاکٹر علی احسان، ڈاکٹر حبیب، ڈاکٹر احمد شہزاد اور سید قیصر حسین نے کہا کہ پاکستان میں ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں کی تعداد مسلسل بڑھ رہی ہے، اور اکثریت اس مرض سے لاعلم ہے۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ چکنائی اور نمک سے بھرپور غذا، ورزش کی کمی، ذہنی دباؤ، نیند کی خرابی اور تمباکو نوشی اس مرض کو بڑھاوا دیتے ہیں۔ انہوں نے تجویز دی کہ روزانہ کم از کم 30 منٹ کی ورزش، متوازن غذا، سگریٹ نوشی سے پرہیز اور باقاعدہ بلڈ پریشر چیکنگ کو معمول کا حصہ بنایا جائے۔ ڈاکٹروں نے اس بات پر زور دیا کہ ہائی بلڈ پریشر کی بروقت تشخیص اور دوا کا تسلسل مریض کی زندگی بچا سکتا ہے۔ اور ادویات کا باقاعدہ اور درست وقت پر استعمال دل، گردوں اور دیگر اعضاء کو محفوظ رکھتا ہے

از دفتر ضلع کونسل پونچھ/راولاکوٹ

اشتہار برائے آگاہی عوام الناس

ہر خاص و عام کو بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ ضلع کونسل پونچھ راولاکوٹ درج ذیل ٹھیکہ جات برائے مالی سال 2025-26 یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026 مورخہ 2 جون 2025 بروز سوموار بوقت 11:30 بجے دن بمقام دفتر ضلع کونسل ڈسٹرکٹ کمپلکس (C Block) راولاکوٹ نیلام عام کرنا چاہتا ہے۔ نیلامی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی 03 جون 2025 بروز منگل ہوگی۔ خواہش مند حضرات تابع شرائط بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ (درجہ ذیل ٹیکسز حکومت سے منظور شدہ ہیں۔)

نمبر شمار	نام ٹھیکہ	رقم کال ڈیپازٹ
1۔	لکڑی سرکاری جنگل، 4 روپے فی فٹ لکڑی پرائیویٹ جنگل 3 روپے فی فٹ لکڑی سفیدہ 600/- روپے فی ٹرک / لکڑی پاپلر 600/- روپے فی ٹرک / اشٹرنگ 700/- روپے فی ٹرک خالی بوتلیں 850/- روپے فی ٹرک، استعمال شدہ ٹائر 1200/- روپے فی ٹرک، چمڑہ 2500/- روپے فی ٹرک، سکریپ 3000/- روپے فی ٹرک ، نیلام شدہ گاڑیاں، مشینیں/ملبہ 2500/- روپے، مرغ کچرا 500/- فی گاڑی	4,00,000/-
2۔	حد پانی ٹیکس ریت، بجری، پتھر، بلاک، خاک فی ٹرک 250/- روپے، ٹریکٹر 60/- روپے، جیپ 35/- روپے	30,000/-
3۔	مدارپور دوارندی ٹیکس ریت، بجری، پتھر، بلاک، خاک فی ٹرک 250/- روپے، ٹریکٹر 60/- روپے، جیپ 35/- روپے	80,000/-
4۔	ٹائیں ڈھلکوٹ ریت، بجری، پتھر، بلاک، خاک ٹیکس فی ٹرک 250/- روپے، ٹریکٹر 60/- روپے، جیپ 35/- روپے	50,000/-
5۔	پبلسٹی ٹیکس/بورڈز اندر حدود ضلع کونسل پونچھ	1,20,000/-
6۔	ٹیکس اڈہ کراس ریت، بجری، پتھر، بلاک، خاک ٹیکس فی ٹرک 250/- روپے، ٹریکٹر 60/- روپے، جیپ 35/- روپے	30,000/-
7۔	پروفیشنل ٹیکس کریش مشین سالانہ فیس 5500/-، آرا مشین 5000/- روپے سالانہ قصاب فیس سالانہ 1000/- روپے، ٹھپہ بلاک فیکٹری 5000/- (3000/- سالانہ)، سروس سٹیشن 1500/- روپے سالانہ، بیکری لائسنس 2500/- روپے سالانہ، پٹرول پمپ 8000/- روپے سالانہ، شادی حال سالانہ 2500/-	50,000/-

شرائط بولی حسب ذیل ہیں

۱۔ کامیاب بولی دہندہ کو ورک آرڈر حاصل کرنے سے پہلے کل ٹھیکہ کا زر چہارم جمع کروانا ہوگا۔
۲۔ جن ٹھیکیداران کی رجسٹریشن 30 جون 2025 تک ہیں وہ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔ لیکن ٹھیکیداران جو مالی سال 2025-26 کا ٹھیکہ حاصل کریں گے ان کو مالی سال 2025-26 کی تجدید لائسنس ورک آرڈر سے قبل پیش کرنی ہوگی اس کے بعد ورک آرڈر جاری کیا جائے گا۔
۳۔ مذکورہ کال ڈیپازٹ بنام چیئرمین ضلع کونسل پونچھ بولی سے قبل پیش کرنا ہوگی۔ چیک نقدی ناقابل قبول ہوگی۔
۴۔ کوئی بھی باقیدار بولی میں شریک ہونے کا اہل نہ ہوگا۔ جن ٹھیکیداران کے کوائف رجسٹریشن کے لیے لوکل گورنمنٹ بورڈ کو ارسال ہو چکے ہوں وہ بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔
۵۔ چیئرمین کونسل پونچھ کو اختیار حاصل ہوگا کہ بغیر وجہ بتائے بولی منظور یا مسترد کرے۔
۶۔ نیلامی میں نمبر 1 اور 2 پر آنے والے ٹھیکیدار کے علاوہ باقی تمام ٹھیکیداروں کی جمع شدہ کال ڈیپازٹ ایک ہفتہ میں واگزار کی جائیں گی۔

نوٹ: 02 جون کو نیلام ہونے والے ٹھیکہ جات کی شرائط ٹھیکہ و دیگر معلومات دفتری اوقات کار میں درجہ ذیل نمبرات سے حاصل کی جا سکتی

برائے رابطہ: (05824-920141) (0334-9593001)

بحکم
سردار جاوید شریف (ایڈووکیٹ)
چیئرمین ضلع کونسل پونچھ راولاکوٹ

المشتہر
سردار عمر فاروق
ٹیکس آفیسر ضلع کونسل پونچھ راولاکوٹ

بقیہ 1

پیدا کرتا ہے اس کا تبادلہ کیا جائے لیکن اس کا کوئی نوٹس نہیں لیا گیا لیکن وہ اتنا بااثر شخص ہے اور افسران کا لاڈلا ہے کہ اس کو محکمہ نے بڑی بنا کے مسلط کیا ہوا ہے ہم نے ہر دروازہ کھٹکھٹایا ہے لیکن کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے ہم وزیراعظم آزاد کشمیر سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمیں پانی فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کریں اور جو بڑے محکمہ نے ہمارے اوپر مسلط کیا ہوا ہے اس کو کس افسر کی آشیرباد حاصل ہے اس کی انکوائری کروا کر ملوث افراد کے خلاف کارروائی عمل میں لائی جائے، عوام علاقہ کوہی گلیات تراڑ کوٹ نے مطالبہ کیا ہے کہ ان مسائل کو فوری طور پر حل کیا جائے۔

بقیہ 2

موقف اختیار کیا گیا کہ بلاول بھٹو آئین اور قانون کے تحت رکن قومی اسمبلی نہیں رہ سکتے، اسپیکر قومی اسمبلی کو بلاول بھٹو کی نااہلی کیلئے ریفرنس بھیجنے کی ہدایت کی جائے۔ شہری اشبا کامران نے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی، درخواست میں وزارت قانون، الیکشن کمیشن اور بلاول بھٹو کو فریق بنایا گیا۔

بقیہ 3

ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ میں توشہ خانہ رسیدوں اور اسلام آباد میں احتجاج سے متعلق کیس کی سماعت ہوئی۔ جج محمد افضل مجوکہ نے بانی پاکستان تحریک انصاف اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی۔ سماعت کے دوران بانی پی ٹی آئی کی بہن اور بشریٰ بی بی کی ایک درخواست ضمانت زیر بحث آئیں تاہم دونوں کو عدالت میں پیش نہ کیا جاسکا۔ عدالت نے بانی پی ٹی آئی کو آئندہ سماعت پر عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا ہے، اور پیش نہ کرنے کی صورت میں ویڈیو لنک کے ذریعے حاضری یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی گئی۔ عدالت نے بغیر حاضری کے بھی درخواستوں پر آئندہ سماعت پر دلائل طلب کر لئے کیس کی مزید سماعت 17 جون تک ملتوی کر دی گئی

بقیہ 4

مجید ہزاروی، جماعت اسلامی راولپنڈی کے اہم رہنماؤں رضا احمد شاہ، سید عزیر حامد، ہارون الرشید اور مختلف طبقہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں شہریوں نے شرکت کی۔ نماز جنازہ مرحوم کے بڑے صاحبزادے نے پڑھائی، مرحوم کو سنگجانی کے قریب واقع انکے مدرسے کے قریب قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مولانا عبد الجلیل نقشبندی مدرسہ جامع صدیقیہ اسلامیہ کے مہتمم بھی تھے وہ تین سال سے بستر علالت پر ہونے کے باعث گزشتہ شب انتقال کر گئے تھے۔

بقیہ 5

ضلاع میں سرحدی باشندوں کے لیے کل 14460 بنکر منظور کیے گئے تھے، جن کی تخمینہ لاگت 415.73 کروڑ روپے تھی۔ ان میں سے 13029 ذاتی بنکر تھے اور 1431 کمیونٹی بنکر تھے۔ حالیہ پاکستان بھارت جنگ کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ منصوبے کے تحت بنائے گئے بنکروں کی بڑی تعداد زمین پر موجود ہی نہیں ہے۔ مقبوضہ کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ دی وائر کے مطابق اس مسئلے نے جموں اور کشمیر کے حکام کے کردار پر بھی سوالیہ نشان لگا دیا ہے، جو مبینہ طور پر اس اہم منصوبے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے میں ناکام رہے ایک ایسا منصوبہ جو لائن آف کنٹرول (ایل او سی) اور بین الاقوامی سرحد کے قریب رہنے والے شہریوں کی زندگیوں کو بچانے کے مقصد سے شروع کیا گیا تھا۔ حکمران نیشنل کانفرنس کے ایم ایل اے) پونچھ (اعجاز جان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ان مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات کا حکم دیا ہے۔ اب تک پانچ ماہ گزر چکے ہیں، لیکن کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ جان نے کہا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ بنکر جنہیں کاغذات پر مکمل دکھایا گیا ہے، وہ حقیقت میں زمین پر موجود نہیں ہیں۔ ایک بھی بنکر کا آڈٹ نہیں کیا گیا تھا۔ اعجاز جان نے کہا کہ بہت سے بنکر جن کے لیے فنڈز جاری کیے گئے تھے زمین پر موجود ہی نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ بنکر موجود ہوتے تو پونچھ میں گولہ باری سے ہونے والی تباہی کو کافی حد تک روکا جا سکتا تھا۔

بقیہ 6

سے جاری قتل عام کے بعد پہلا موقع ہے لیکن یہ اس مقدار کی نسبت سمندر میں ایک قطرہ ہے جس کی فوری طور پر ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوٹ مار کو کم کرنے کے لئے امداد کی ایک باقاعدہ ترسیل ہونی چاہیے اور انسانی ہمدردی کے کارکنوں کو متعدد راستوں کے استعمال کی اجازت دی جانی چاہیے۔ انسانی ردعمل کو تجارتی سامان کے ذریعے مکمل کیا جانا چاہیے۔ اسی تناظر میں فرانس، جرمنی، برطانیہ، کینیڈا، جاپان اور آسٹریلیا سمیت 22 ممالک کے وزرائے خارجہ نے اسرائیل سے مطالبہ کیا تھا کہ وہ اقوام متحدہ اور غیر سرکاری تنظیموں کی نگرانی میں غزہ میں مکمل اور فوری طور پر امداد کی دوبارہ اجازت دے۔

بقیہ 7

ہیں۔ اس غیر منصفانہ تقسیم اور عباسپور کے فیڈر پر غیر اور اجیرہ کے لوڈ کو بھی ڈالنے پر انجمن تاجراں عباسپور نے شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے ایک ہفتے کی ڈیڈ لائن دے دی ہے۔ اسی حوالے سے ایک اہم میٹنگ اسسٹنٹ کمشنر عباسپور کے دفتر میں منعقد ہوا جس میں اے سی عباسپور اور ایس ڈی او برقیات عامر سہیل افضل نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں انجمن تاجراں کے صدر سردار حیات خان، سردار فیصل نسیم، سردار فیاض خان، شیخ نذیر، خواجہ شوکت، نوید شریف، شاہد جان، لالا شبیر، سردار شاہد، ریاض ماگرے، اور مبشر نقوی سمیت متعدد تاجر رہنما شریک ہوئے۔ اجلاس کے بعد انجمن تاجراں نے حکومت کو خبردار کیا کہ اگر ایک ہفتے کے اندر عباسپور کے لیے علیحدہ فیڈر کا اعلان نہ کیا گیا اور موجودہ لوڈشیڈنگ و لو وولٹیج کا مسئلہ حل نہ ہوا تو بھرپور احتجاج اور دھرنے کا آغاز کیا جائے گا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما سردار امجد یوسف نے بھی اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ فوری طور پر عملی اقدامات کرے، بصورت دیگر عوام کا شدید ردعمل سامنے آئے گا جس کی نمائندگی سردار امجد یوسف کرے گا۔

بقیہ 8

سنان حسن نے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ سنایا۔ ایف آئی اے نے صنم جاوید کے خلاف مقدمہ درج کر رکھا ہے، جس میں کہا گیا تھا کہ انہوں نے ریاستی اداروں کے خلاف ایک غیر مصدقہ پوسٹ کو سوشل میڈیا پر شیئر کیا، جس سے اداروں کی ساکھ کو نقصان پہنچا۔ عدالت میں ایف آئی اے کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ ملزمہ کی جانب سے سوشل میڈیا پر کی جانے والی پوسٹ سے ریاستی اداروں کے خلاف نفرت انگیزی کو فروغ ملا، لہذا انہیں ضمانت نہ دی جائے۔ دوسری جانب صنم جاوید کے وکلا نے موقف اختیار کیا کہ مقدمہ بدنیتی پر مبنی ہے اور ان کی موکلہ نے کوئی قابل اعتراض مواد خود سے نہیں بنایا بلکہ صرف ایک موجودہ پوسٹ کو شیئر کیا۔ تاہم عدالت نے دونوں جانب سے دلائل سننے کے بعد صنم جاوید کی ضمانت کی درخواست خارج کر دی۔

بقیہ 9

مکار دشمن کو شکست دے کر پوری دنیا کو حیران کر دیا ہے۔ مکار دشمن نے رات کی تاریکی میں چھپ کر وار کیا۔ پاک افواج نے بھرپور جواب دے کر اپنا لوہا منوایا ہے۔ ہم چیف آف دی آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں اور مادر وطن کی سرحدوں پر معمور پاک افواج کے جوانوں اور دیگر آفیسران کو سلام پیش کرتے ہیں۔ جنہوں نے اپنے سے کئی گنا بڑی فوج کا دلیرانہ مقابلہ کرتے ہوئے گائے کا پیشاب پینے والوں کو ناکوں چنے چبوائے۔ بہادر جوانوں نے وطن کی سرحدوں کا دفاع کرتے ہوئے اپنی جانوں کی قربانی دی۔ ان تمام شہداء کی عظیم قربانیاں ان کی جرات فرض شناسی ان تمام شہداء کو ہم سلام پیش کرتے ہیں اور ان کی بلندی درجات کے لئے دعا گو ہیں۔ بھارت نے ہمارے نہتے شہریوں پر گولیاں برسا کر کھلی جارحیت کا ارتکاب کیا ہے۔ ہم وقت آنے پر پاک افواج کے شانہ بشانہ ہوں گے بلکہ سیسہ پلائی ہوئی دیوار کی مانند ہوں گے۔ ان رہنماؤں نے پاک افواج کے شاہینوں کو عالم اسلام کے ازلی دشمن بھارت کا گھمنڈ خاک میں ملا کر ہمارے دل جیت لئے ہیں۔ ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے ان کو مبارکباد پیش کرتے ہیں انہوں نے برادر اسلامی ملک ترکی کی جانب سے پاکستان کی بھرپور حمایت کرنے پر ان کا بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

بقیہ 10

کے اوپر پھینکا جاتا ہے بارش ہونے کے سبب پودا کٹ ہمارے گھروں تک پہنچ جاتا ہے اور پانی کے 06 چشمے جس سے 100 سے زائد گھرانے پانی پیتے ہیں متاثر ہو رہے ہیں ہم نے اس حوالے سے 30 سالوں میں ان گنت درخواستیں انتظامیہ کو دی ہیں پر کچھ لوگ انتظامیہ سے مل کر یہ مسئلہ حل نہیں ہونے دے رہے اور اسی جگہ کو تا حیات کچرا کنڈی بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں جو انتہائی گھٹیا عمل ہے ایک طرف تین گاؤں کے لوگوں کا پانی آلودہ ہو رہا ہے لوگ متاثر ہو رہے ہیں اور کچھ لوگ منافقانہ رول ادا کر رہے ہیں۔ کچھ دن سے عوام نے بزور طاقت کچرے کو روکا ہوا ہے ہمارا موقف ہے کہ ہم اپنی آنے والی نسلوں کو اس کچرے سے نہیں مرنے دیں گے ہم ہر قانونی راستے اور عوامی مزاحمت و طاقت سے اسکو روکیں گے عوام علاقہ عوام کی لاشوں پر سے گزر کر اگر کچرا پھینکنا چاہتے ہیں تو اسکا بھی سامنا کریں گے

بقیہ 11

اے کے مطابق گرفتار ملزم کی شناخت اسد عباس کے نام سے ہوئی جسے تھانہ سیکرٹریٹ کی حدود میں چھاپہ مار کارروائی کے دوران گرفتار کیا گیا۔ کارروائی کے دوران ملزم کے قبضے سے 21 پاسپورٹس برآمد کیے گئے۔ ابتدائی تحقیقات میں انکشاف ہوا ہے کہ ملزم اسد عباس بغیر لائسنس شہریوں کو بیرون ملک ملازمت کا جھانسہ دے کر لاکھوں روپے ہتھیانے میں ملوث تھا۔ ملزم برآمد شدہ پاسپورٹس کے حوالے سے کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ ایف آئی اے کا کہنا ہے کہ ملزم کے خلاف مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے اور قانونی کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 12

ٹیکنالوجی بورڈ (این آئی ٹی بی) کی طرف سے سرکاری ملازمتوں میں درخواست جمع کرنے کے لیے بنائی گئی نیشنل جابز پورٹل (این جے پی) پر حالیہ پاک بھارت کشیدگی کے دوران سائبر حملہ کیا گیا، جس کے بعد ویب سائٹ شدید متاثر ہوئی۔ ذرائع نے بتایا کہ سائبر حملے کے بعد ویب سائٹ ریکور کر لی گئی ہے مگر اس کو ابھی محفوظ بنایا جا رہا ہے، قومی مرکز برائے ایمرجنسی ریسپانس اور ٹیکنالوجی (این سی ای آر ٹی) کی جانب سے قومی سلامتی کے مفاد میں نافذ کیے گئے سیکیورٹی اقدامات کے تحت تمام امیدواروں کے لیے پورٹل کو عارضی طور پر منجمد کر دیا گیا ہے اور اس وقت جابز پورٹل قابل رسائی نہیں ہیں جس کی وجہ سے امیدوار ڈیٹا بیس اور درخواست سے متعلق تمام سہولیات فی الحال دستیاب نہیں ہیں۔ یہ خدمات اگلی اطلاع تک معطل رہیں گی، جب پورٹل ٹھیک ہو جائے گا تو ویب سائٹ کو بحال کر دیا جائے گا

بقیہ 13

ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 22 مئی کو باغ میں ہونے والی افواج پاکستان زندہ باد ریلی کی تیاریوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر حریت کانفرنس کے قائدین، انجمن تاجران، انجمن شہریان، علمائے کرام، سول سوسائٹی، وکلاء، صحافیوں سمیت تمام مکاتب فکر کے نمائندگان موجود تھے۔ اجلاس میں ریلی اور جلسہ کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا محکمہ جات اور دیگر قائدین کو ذمہ داریاں تفویض کی گئیں شرکاء نے ریلی کو کامیاب بنانے کے لیے تجاویز بھی پیش کیں اور یقین دلایا کہ باغ کا ہر مکتبہ فکر ریلی میں شرکت کو یقینی بنائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ قومی نوعیت کے پروگرامات کو کامیابی سے ہمکنار کرنا ہم سب کی ذمہ داری ہے [illegible] باغ کی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا تاریخ ساز ریلی کی خوبصورتی یہ ہوگی کہ اس میں حریت کانفرنس بھی شریک ہو گی اور دونوں اطراف کے کشمیری یک زبان ہو کر پیغام دنیا تک پہنچائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری مسلح افواج نے جس طرح حالیہ جارحیت میں ہندوستان کو منہ توڑ جواب دیا اس سے پوری کشمیری قوم کے حوصلے بلند ہوئے ہیں مقبوضہ وادی میں بسنے والے کشمیریوں کی امیدیں جاگی ہیں اور افواج پاکستان کے لیے جس طرح آزاد کشمیر کی عوام دعا گو رہی اور انکی پشت پر کھڑی رہی ایسے ہی مقبوضہ وادی کی عوام بھی پاک فوج کیساتھ سیسہ پلائی ہوئی دیوار بن کر کھڑی رہی، انہوں نے کہا کہ ریلی کے ذریعے دنیا کو پیغام جائے گا کہ آر پار کشمیری ایک ساتھ پاک فوج کیساتھ کھڑے ہیں جو انکی محافظ اور انکی آزادی کی ضامن ہے

بقیہ 14

سعید، سردار ظہیر خان، مولانا شہود الحسن، سردار سرور چغتائی راجہ ظہور، راجہ غضنفر حیات، راجہ عبدالرزاق، سردار سرور خان بہک، راجہ طارق چوہدری یاسر یونس، راجہ شکیل، راجہ مشتاق احمد مبارک حسین، جاوید جنجوعہ، خواجہ عبدالجبار، اورنگزیب اعوان، مقصود چغتائی، راجہ عقیل احمد، راجہ ولید، راجہ امجد، محمد ریاض، راجہ مشین خان، سردار توصیف، محمد رمضان، طالب حسین، راجہ شبیر، محمد سلیم خان، سردار الطاف، راجہ سعید احمد قاری سجاد فاروقی سمیت بڑی تعداد میں عوامی دست و بازو کے عہدے داران و کارکنان نے شرکت کی اجلاس میں عوامی دست و بازو کے چیئرمین ساجد اقبال پر بھرپور اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے عہدے داران نے کہا کہ ہم افواج پاکستان نے جس جرات سے مکار دشمن بھارت کا منہ توڑ جواب دیا پاکستانی افواج کی ایمانی قوت کا منہ بولتا ثبوت ہے پوری قوم پاک فوج کی پشت پر کھڑی ہے ساجد اقبال عباسی کے اپنے پر بالا اگر بھی باغ میں بھرپور پاک فوج زندہ باد ریلی نکالیں گے اور افواج سے اظہار تشکر بتائیں گے فوج ہمارے سرحدوں کی محافظ فوج کے ہوتے ہوئے کوئی میلی آنکھ سے پاکستان کشمیر کی طرف جرات نہیں کر سکتا پاکستان کشمیر کی عوام پاک فوج کے شانہ بشانہ لڑنے کے لیے تیار ہیں عوامی دست و بازو ساجد اقبال کی قیادت میں غربی باغ میں عوامی مسائل کے حل کے لیے اور استحصالی نظام سے چھٹکارے کے لیے شب و روز ایک کیے ہوئے ہیں۔

بقیہ 15

۔ 21 مئی 1990 کو نامعلوم مسلح افراد نے میر واعظ مولوی محمد فاروق کو سرینگر میں ان کی رہائش گاہ کے باہر گولی مار کر شہید کر دیا تھا، اسی روز سرینگر کے علاقے حول میں ان کے جنازے کے شرکا پر بھارتی فوجیوں نے اندھا دھند فائرنگ کر کے ستر سوگواروں کو شہید کر دیا تھا۔ 12 سال بعد 21 مئی 2002 کو نامعلوم حملہ آوروں نے خواجہ عبدالغنی لون کو اس وقت قتل کر دیا تھا جب وہ مزار شہدا سرینگر میں ایک اجتماع سے خطاب کے بعد واپس جا رہے تھے۔ ادھر کل جماعتی حریت کانفرنس آزاد کشمیر شاخ کے زیر اہتمام کل کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں میر واعظ مولوی محمد فاروق، خواجہ عبدالغنی لون اور شہدائے حول سمیت جملہ کشمیری شہدا کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ایک سیمینار منعقد کیا جائے گا۔

بقیہ 16

ح کا مطلب اقوام عالم ہے۔ بین الاقوامی قانون کے خلاف ہوگا۔ سویڈن اپنے اس عقیدے پر قائم ہے کہ غزہ کے علاقے کو تبدیل یا ضم نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سویڈن کی وزیر خارجہ نے اسرائیل پر بھی زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ غزہ کے لیے انسانی امداد کو دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے، جیسا کہ عالمی ادارہ صحت نے خبردار کیا تھا کہ غزہ میں 20 لاکھ افراد بھوک سے مر رہے ہیں۔ ہم نے بار بار اسرائیل کی حکومت پر زور دیا ہے کہ وہ انسانی ہمدردی کے اصولوں کے مطابق بلا روک ٹوک امداد اور خوراک کی غزہ میں رسائی ممکن بنائے اور خوراک کی تقسیم پر عائد پابندی ختم کرے۔ انہوں مطالبہ کیا کہ غزہ میں فوری جنگ بندی کی جائے اور انسانی بنیادوں پر بھجوائی جانے والی امداد کی ترسیل پر عائد کردہ اسرائیلی پابندی ختم کی جائے۔ تمام قیدیوں کو بھی رہا کیا جائے، بجائے اس کے کہ اسرائیل غزہ پر قبضے اور تباہی کا سلسلہ مزید بڑھاتا جائے۔ واضح رہے کہ رواں ماہ کے دوران اسرائیل نے غزہ میں جارحانہ جنگ کا دائرہ مزید بڑھانے کا اعلان کیا تھا، تاکہ پورے غزہ کو فتح کر سکے اور فلسطینیوں کا جبری انخلا کر دے۔ اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو نے کہا کہ ہم پورے غزہ کا کنٹرول اپنے ہاتھ میں لیں گے۔

بقیہ 17

پاکستان کی ویب سائٹس تک رسائی ناممکن بنائی جا سکے۔ وادی چناب کے ضلع ڈوڈا میں بڑی تعداد میں شہری جو وی پی این کا استعمال کرتے ہوئے پائے گئے کو گرفتار کر لیا گیا اظہار رائے کی آزادی کی مہم چلانے والوں اور قانونی ماہرین نے وی پی این پر پابندی لگانے اور خلاف ورزی کرنے والوں کو من مانی حراست میں لینے کے لیے جموں و کشمیر انتظامیہ کی مذمت کی ہے۔ اور اسے شخصی آزادی اور معلومات کے حق پر براہ راست حملہ قرار دیا ہے۔ انڈین سول سیکیورٹی کوڈ دفعہ 163 مجسٹریٹس کو مواصلات یا عوامی نقل و حرکت کو منظم کرنے کے لیے ہنگامی اختیارات دیتا ہے۔ ادھر ضلعی پولیس نے کہا کہ اس نے وی پی این کا استعمال کرتے ہوئے انٹرنیٹ کی پابندیوں کو ختم کرنے کے الزام میں متعدد افراد کو حراست میں لیا ہے۔ حراست میں لیے گئے تمام افراد سے فی الحال پوچھ گچھ کی جا رہی ہے اور قانون کی متعلقہ دفعات کے مطابق مزید قانونی کارروائی شروع کی جائے گی۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ وی پی این کا استعمال ممنوع ہے جب تک حکم نافذ رہے گا اور کوئی بھی خلاف ورزی سخت تعزیری نتائج کو اپنی طرف متوجہ کرے گی۔ شہری حقوق کی کارکن اور اظہار رائے کی آزادی کی پیروکار گیتا شیشو نے کہا کہ دفعہ 163 ایک انتہائی اقدام ہے، جسے انتہائی ہنگامی حالات میں استعمال کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیٹ تک رسائی آئین کے تحت ایک بنیادی حق ہے اور معلومات تک رسائی پر کوئی پابندی شہریوں کے جاننے کے حق کے لیے نقصان دہ ہے

بقیہ 18

جماعت اسلامی تحصیل ڈڈیال کے امیر چوہدری عبدالوحید، ڈڈیال شہر کے امیر راجہ محمد ادریس ایڈووکیٹ نے بھی خطاب کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے تحریک کشمیر یورپ کے صدر محمد غالب نے کہا کہ پاک فوج نے بھارتی فوجی جارحیت کا بھرپور جواب دے کر مودی کے ناپاک عزائم کو خاک میں ملا دیا ہے پیغام ملا کہ مسئلہ حل کیے بغیر خطے میں امن قائم نہیں ہو سکتا خطے میں کشیدگی کا اصل سبب مسئلہ کشمیر ہے عالمی برادری بالخصوص وہ ممالک جنہوں نے مداخلت کر کے انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کرائی ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ مسئلہ کشمیر کے پر امن حل کے لیے اپنا موثر کردار ادا کریں انہوں نے کہا حکومت پاکستان ان حالات اور موقع سے فائدہ اٹھائے سفارتی محاذ پر دنیا کی توجہ مبذول کرائے کہ مسئلہ کشمیر انڈیا اور پاکستان کے درمیان کوئی دو طرفہ مسئلہ نہیں اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل طلب ہے۔ تحریک کشمیر برطانیہ کے صدر راجہ فہیم کیانی نے کہا مسئلہ کشمیر کو پر امن طور پر کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل نہ کیا تو دونوں ایٹمی قوتوں کے درمیان ایٹمی جنگ کے خطرات بڑھتے جا رہے ہیں

بقیہ 19

دفاعی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مریم نواز نے حالیہ پاک بھارت کشیدگی میں برطانیہ کے مثبت اور مدبرانہ کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ جین میریٹ کی بطور ہائی کمشنر خدمات کو حکومت پنجاب انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب برطانیہ کے ساتھ اشتراک کار کو مزید وسعت دینے اور تعاون کے فروغ کے نئے مواقع تلاش کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے برطانوی ہائی کمشنر کو تعلیم، تجارت، سرمایہ کاری، موسمیاتی تحفظ اور گورننس کے شعبوں میں باہمی اشتراک کار مزید بڑھانے کی دعوت دی۔ دریں اثنا مریم نواز نے سبکدوش ہونے والی برطانوی سیاسی مشیر ٹروڈی وینٹر کے اعزاز میں ظہرانہ دیا اور ان کی سفارتی خدمات کو سراہا

بقیہ 20

کا کام شروع کیا گیا تو وہ خراب نکلا، محکمہ برقیات نے خراب ٹرانسفارمر کو واپس لاہور بھیج دیا جس کے بعد سیکرٹری برقیات آزاد کشمیر اور چیف انجینئر برقیات نے دعویٰ کیا تھا کہ گرڈ اسٹیشن بٹیاں بالا پر تیس کروڑ روپے سے زائد مالیت کا تقریباً 26 میگاواٹ بجلی ٹرانسفارمر 31 مارچ تک نصب کر دیا جائے گا مگر ان کے اعلانات ہوائی نکلے [illegible] گذرنے کے بعد بھی محکمہ برقیات تیس کروڑ سے زائد مالیت کا نیا ٹرانسفارمر دوبارہ سے لینے میں ناکام ہے، عوام میں محکمہ برقیات کی مبینہ مجرمانہ خاموشی پر شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، دسمبر سے آج تک سیکرٹری برقیات اور چیف انجینئر برقیات نے جہلم ویلی کے عوام کو مطمئن کرنے کے لیے متعدد دعوے کیے لیکن محکمہ برقیات کا کوئی بھی دعویٰ سچ ثابت نہ ہوا۔ انجمن تاجران چکوٹھی کے سینئر نائب صدر راجہ قاصد نے آج تک گرڈ اسٹیشن بٹیاں بالا میں ٹرانسفارمر کی عدم تنصیب پر شدید غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق آئے روز آزاد کشمیر میں گڈ گورننس کے دعوے کرتے ہیں انہوں نے آج تک عوام کے خون پسینے کی کمائی سے خریدے گئے تیس کروڑ سے زائد مالیت کے ٹرانسفارمر کی عدم تنصیب کا نوٹس کیوں نہیں لیا۔ وزیر برقیات اور چیف سیکرٹری آزاد کشمیر بھی اس معاملہ پر کیوں خاموش ہیں؟ ٹرانسفارمر کی عدم تنصیب سے گرمیوں میں بھی جہلم ویلی کے عوام کو آئے روز بجلی لوڈشیڈنگ کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے، پانچ ماہ بعد دوبارہ سردیوں کا موسم شروع ہو جائے گا پھر سے عوام پندرہ، پندرہ گھنٹے سے زائد بجلی سے محروم رہیں گے، اگر فوری طور پر محکمہ برقیات نے تیس کروڑ مالیت کا خریدا گیا ٹرانسفارمر منگوانے کے لیے اقدامات نہ کیے تو جہلم ویلی بھر کے تاجروں سے مشاورت کے بعد پہیہ جام، شٹر ڈاؤن ہڑتال اور احتجاجی مظاہرے کیے جائیں گے اس دوران حالات خرابی کی تمام تر ذمہ داری حکومت آزاد کشمیر اور محکمہ برقیات آزاد کشمیر پر عائد ہو گی۔

بقیہ 21

کے تھے، جو اس وقت موسمی ہجرت کے سلسلے میں ٹی ٹی پی، ہربی گند دن میں مقیم ہیں۔ آسمانی بجلی ایک مختصر مگر شدید طوفانی بارش کے دوران گری، جس کے نتیجے میں کھلے آسمان تلے موجود مویشی موقع پر ہی ہلاک ہو گئے۔

بقیہ 22

اختیار کی اور 2018 میں کالعدم بی ایل اے کے کارندے فاروق بلوچ کے گروپ میں شامل ہو گیا۔ وہ فاروق بلوچ اور مجید عرف بابا کے ساتھ مل کر کالعدم بی ایل اے اور بی ایل ایف کی سہولت کاری میں ملوث رہا۔ تفتیش کے دوران ملزم نے اعتراف کیا کہ وہ بلوچ سنگ پر سنز کی سرگرم رکن حیام بلوچ کا فرنٹ مین تھا اور خودکش خاتون ماہل بلوچ کی ذہن سازی اور سہولت کاری میں بھی اس کا کردار تھا۔ گرفتار ملزم نے بتایا کہ وہ بلوچ عسکریت پسند تنظیموں کو طبی علاج معالجہ اور محفوظ پناہ گاہیں فراہم کرنے میں بھی ملوث رہا۔ اس کے قریبی ساتھی فاروق بلوچ، مجید عرف بابا، فراز عرف گنج، ناصر ذکری، شہزاد ذکری سمیت دیگر بلوچستان اور کراچی میں سیکیورٹی فورسز پر دہشت گردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث ہیں۔ ملزم کے دو ساتھی پرویز ذکری اور ظفر عرف بابا جعفر ایکسپریس ٹرین حملے میں سیکیورٹی فورسز سے مقابلے میں مارے جا چکے ہیں۔ ملزم حوالہ ہنڈی کے ذریعے رقم وصول کر کے مختلف بلوچ دہشت گرد تنظیموں میں تقسیم کرنے اور سوشل میڈیا پر پاکستان مخالف مہم چلانے میں بھی ملوث رہا ہے۔

بقیہ 23

[illegible] الرٹ جاری کیا گیا۔ 20 مئی سے 24 مئی تک پنجاب کے میدانی علاقوں میں ہیٹ ویو کے خدشات ہیں، آئندہ چند روز میں درجہ حرارت میں غیر معمولی اضافے کا خدشہ ہے۔ پی ڈی ایم اے پنجاب کے مطابق 24 مئی تک درجہ حرارت 5 سے 7 ڈگری سینٹی گریڈ معمول سے زیادہ رہنے کا خدشہ ہے، میدانی علاقوں میں بعض مقامات پر تیز ہوا اور آندھی کے امکانات ہیں۔

بقیہ 24

جماعت اسلامی کے 9 ناظمین نے تعلیم کو اولین ترجیح بنا کر واضح کر دیا ہے کہ ہمارے بچوں کا مستقبل ہمارے لیے سب سے اہم ہے، تعلیم ہی وہ زینہ ہے جو قوموں کو ترقی کی طرف لے جاتا ہے اور آنے والے بہتر کل کا تعین کرتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹاؤن میونسپل کارپوریشن ناظم آباد کے تحت ماہر القادری پارک میں سرکاری اسکولوں کے 3 ہزار بچوں و بچیوں میں مفت کورس اور بیگ کی تقسیم کے لیے منعقدہ ایک پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے اور ہونہار بچوں میں انعامات اور ایوارڈز بھی تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں جماعت اسلامی ضلع وسطی کے امیر سید وجیہ حسن، ٹاؤن چیئرمین ناظم آباد سید محمد مظفر، وائس ٹاؤن چیئرمین نعمان سمیت ڈائریکٹر ایجوکیشن، اساتذہ، والدین، بچے اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

بقیہ 25

وقار تقریب کی رونق رہے۔ ہوبنہ میرہ سپورٹس کی ٹیم نے دو کے مقابلے میں تین گیمز سے فائنل اپنے نام کیا۔ فائنل میں مہمان خصوصی چیف انجینئر آزاد کشمیر احسان الحق نے ونر اور رنر اپ ٹیموں میں ٹرافیاں اور انعامات تقسیم کئے۔ ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم ہوبنہ میرہ سپورٹس کو دو لاکھ روپے جبکہ رنر اپ ٹیم کو ایک لاکھ روپے، سیمی فائنل تک رسائی حاصل کرنے ٹیموں کو پچاس پچاس ہزار روپے جبکہ بیسٹ سینٹر مین ٹورنامنٹ کو دس ہزار روپے کی انعامی رقم اور ٹرافیاں بھی دی گئیں اس ٹورنامنٹ کو اس وقت علاقہ کی تاریخ کا ایک بہترین ٹورنامنٹ قرار دیا جا رہا ہے جس میں مقامی لوگوں سمیت دور دراز سے آئے ہوئے لوگوں کا بھی بھرپور جوش و جذبہ ہے جبکہ پررونق تقریب کے انعقاد پر ہوبنہ میرہ سپورٹس کی انتظامیہ کو بھی مبارکباد پیش کی گئی ہے۔ اس ٹورنامنٹ میں مختلف سیاسی و سماجی شخصیات نے نہ صرف بھرپور شرکت کی بلکہ انہوں نے بھی میگا ایونٹ کو علاقہ کی تاریخ کا ایک بہترین ایونٹ قرار دیتے ہوئے بھرپور تحسین بھی کی ہے۔

بقیہ 26

الاؤنس میں 1500 روپے فی کس اضافے کے وعدے کو پورا کریں۔ مہاجرین کشمیر کے امیر عزیر احمد غزالی کی جانب سے میڈیا کے نام جاری کیے گئے ایک بیان میں بتایا گیا ہے کہ مہاجرین کشمیر کی ورکنگ کمیٹی، منتخب کونسلرز اور مہاجر بستیوں کے صدور حضرات نے کشمیری مہاجرین کو درپیش سنگین مسائل کے حل کیلئے اپنی کوششوں کو مربوط انداز میں آگے بڑھایا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ مہاجرین کشمیر کے نمائندہ وفد نے صدر اسلامی جمہوریہ پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف، وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام، کشمیر کمیٹی کے چیئرمین محمد قاسم نون، پارلیمنٹری کشمیر کمیٹی کے کوآرڈینیٹر محمد افتخار، ممبران قومی اسمبلی ڈاکٹر محمد فضل چوہدری، ڈاکٹر زرقاء، دیگر وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق، سپیکر قانون ساز اسمبلی چوہدری لطیف اکبر، چیف سیکرٹری آزاد کشمیر خوشحال خان، وزیر بحالیات جاوید اقبال بڈھانوی سمیت تمام اعلیٰ حکومتی اداروں اور اتھارٹیز کو مہاجرین جموں کشمیر 1989 کی آبادکاری کے سلسلے میں ایک جامع چارٹر آف ڈیمانڈ پیش کیا ہے، جس میں مہاجرین کو درپیش مسائل کے حل کیلئے ٹھوس تجاویز شامل ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ مہاجرین کشمیر یہ امید رکھتے ہیں کہ انکے پیش شدہ چارٹر آف ڈیمانڈ کے مطابق آبادکاری کے سلسلے میں اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

بقیہ 27

کے مقدمات تو سپریم کورٹ سے شروع ہوتے اور وہیں ختم ہو جاتے تھے، نہ اپیل ہوتی تھی نہ کوئی دلیل سنی جاتی تھی۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے کہا کہ عمران خان کے دور حکومت میں ہمارے خلاف بنائے جانے والے مقدمات کی نوعیت انتقامی تھی جبکہ پاکستان مسلم لیگ (ن) انتقامی سیاست پر یقین نہیں رکھتی۔ ہم نے کسی کو ملفیات یا کرایہ داری جیسے جھوٹے مقدمات میں پکڑا ہے، نہ ہتھکڑیاں ڈالی ہیں، نہ جیلوں میں ڈالا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں جمہوری عمل جاری ہے، تمام ادارے اپنا کام کر رہے ہیں، کسی شخص کے جیل میں ہونے سے کوئی سیاسی عدم استحکام نہیں آتا۔ ہم نے نام نہاد سیاسی عدم استحکام کے باوجود اپنی معیشت کو بھی سنبھالا ہے اور اپنی تاریخ کی سب سے بڑی فتح بھی حاصل کی ہے۔ سینیٹر عرفان صدیقی نے اس بات پر زور دیا کہ اگر کسی ایک شخص کو عدالتی عمل کے بغیر رہا کر دیا جاتا ہے تو ہمیں باقی 90 ہزار قیدیوں کا بھی سوچنا ہوگا۔ پی ٹی آئی کے منفی پروپیگنڈے کے باوجود چیف آف آرمی سٹاف کا قد بہت بلند ہو گیا ہے۔ پی ٹی آئی کو یہ سمجھنا ہوگا کہ صدر ٹرمپ، آئی ایم ایف یا کوئی اور ادارہ ان کی مدد کے لیے تیار نہیں

بقیہ 28

ہوگا۔ کالج کی بس، وین و دیگر ٹرانسپورٹ کو محفوظ بنانے کیلئے پارکنگ شیڈز کا منصوبہ بھی زیر غور ہے جبکہ واک ویز اور فرنٹ پارکنگ لف ٹائلز کا کام جاری ہے۔ پونچھ میڈیکل کالج راولاکوٹ کے دفتر سے جاری پریس ریلیز کے مطابق فیکلٹی کی کمی کو بہت حد تک پورا کر دیا گیا ہے جبکہ باغ ہسپتال کی کالج کیساتھ منسلکی بھی اہم پیش رفت ہے، جس سے نہ صرف طلبہ و طالبات کو سیکھنے کے زیادہ مواقع میسر آئیں گے بلکہ مریضوں کو علاج معالجے کی بہتر سہولیات میسر آئیں گی۔ سیکرٹری صحت عامہ نے بھی حالیہ دورہ پونچھ کے دوران میڈیکل کالج میں ادارہ میں ہونے والے ترقیاتی کام کی تعریف کرتے ہوئے اس کی رفتار اور معیار پر مکمل اطمینان اور خوشی کا اظہار کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ پرنسپل کالج پروفیسر ڈاکٹر ممتاز احمد خان اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے اپنی ٹیم کے ہمراہ کالج کو بلندیوں کی طرف گامزن کرنے میں کامیاب ہوں گے۔ انہوں نے پونچھ میڈیکل کالج کے دیگر مسائل کے حل کے حوالے سے بھی مکمل یقین دلایا۔

بقیہ 29

میں ملا دیا ہے۔ بھارت نے بوکھلاہٹ کا شکار ہو کر لائن آف کنٹرول کے اس پار اندھا دھند فائرنگ کر کے معصوم شہریوں کو شہید کیا ہے بھارت کی طرف سے اس بزدلانہ حرکت کی ہم بھرپور مذمت کرتے ہیں۔ صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی طرف سے مسئلہ کشمیر پر پاکستان اور بھارت کے درمیان ثالثی کی پیشکش پر ہم ان کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ مسئلہ کشمیر کا حل سہ فریقی ہونا چاہیے جس میں کشمیری عوام کو بھی مذاکرات کی میز پر بٹھانا چاہیے کیونکہ مسئلہ کشمیر کے اصل اور اہم فریق کشمیری عوام ہی ہیں اور مسئلہ کشمیر کا حل اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کرتے ہوئے کشمیری عوام کو ان کا بنیادی حق خودارادیت دیا جائے۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر شاہ غلام قادر نے آزاد کشمیر کی تازہ ترین سیاسی صورتحال پر بھی بات چیت کی۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں و کشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری اور صدر پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر شاہ غلام قادر کے درمیان باہمی دلچسپی سمیت دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ 30

طور پر کہا کہ پاکستان گولڈن ٹیمپل جیسے مقدس مقام کو نشانہ بنانے کا تصور بھی نہیں کر سکتا، بھارتی الزامات بے بنیاد اور ناقابل قبول ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارت نے خود 6 اور 7 مئی کی درمیانی شب پاکستان میں عبادت گاہوں کو نشانہ بنایا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان سکھ مذہب کے مقدس مقامات کا محافظ ہے، ہر سال ہزاروں سکھ یاتری پاکستان آتے ہیں، پاکستان کرتارپور راہداری پر سکھ یاتریوں کو ویزا فری رسائی دیتا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ بھارتی الزامات کا مقصد اپنے قابل مذمت اقدام سے توجہ ہٹانا ہے۔

بقیہ 31

جانے والے اس مطالبے پر ان کا کہنا تھا بھارتی جارحیت سے جہاں مختلف طبقے کے لوگوں متاثر ہوئے وہاں طلباء بھی متاثر ہوئے ہیں۔ پنجاب کی ٹاپ کی جامعات میں مختلف مضامین میں ان متاثرہ آزاد کشمیر کے طلباء کے لیے کوٹہ مقرر کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ایل او سی کے متاثرین کو مشکل کی اس گھڑی میں تنہا نہیں چھوڑیں گے۔ اس موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما چوہدری ریاض سمیت آزاد کشمیر حکومت کے وزراء کرام اور سول سوسائٹی کے نمائندگان اور صحافی بھی موجود تھے۔ قبل ازیں انہیں سدھن ایجوکیشنل کانفرنس کے قیام اور اس کے مقاصد سے متعلق آگاہ کیا گیا۔ تنظیم کے قائم مقام صدر سردار شاہ زیب شمیر نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 32

کے صدر چوہدری محمد یٰسین، پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما چوہدری محمد ریاض، سابق صدر و وزیراعظم سردار محمد یعقوب خان، سابق قائمقام وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری پرویز اشرف، وزراء حکومت راجہ فیصل ممتاز راٹھور، میاں عبد الوحید، سردار ضیاء القمر، معاون خصوصی نبیلہ ایوب، راجہ بشیر اعجاز، سابق وزیر اطلاعات سردار عابد حسین عابد، سردار مسعود صادق سمیت مرکزی قیادت بھی موجود تھی۔ جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ آپریشن بنیان مرصوص نے دشمن بھارت پر پاک فوج کی ہیبت طاری کر دی، جس طرح ہماری پاک فوج نے وطن کی سرحدوں کا دفاع کیا اور پاکستان کی جغرافیائی سلامتی کو یقینی بنایا اس پر پوری قوم کو ان پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی وزیراعظم مودی پاکستان کو مرعوب ریاست بنانا چاہتا تھا مگر پاکستان جو حضرت قائد اعظم اور حضرت علامہ اقبال کے تصورات کا آئینہ دار ہے بھارت کی علاقائی بالادستی ماننے سے صاف انکار کر دیا ہم بھارت سے برابری کی سطح پر تعلقات کے خواہاں ہیں اگر وہ بھی ایسا چاہے تو۔ انہوں نے کہا کہ میرے اس دورے کا مقصد متاثرین کنٹرول لائن کے ساتھ اظہار یکجہتی بھی ہے کیونکہ آپ بہادر لوگ ہیں جنہوں نے بھارت کی جارحیت کا مقابلہ انتہائی جرات اور بہادری سے کیا ہے اور اپنی پاک فوج کے شانہ بشانہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بے نظیر بھٹو کا مشن لیکر آگے بڑھیں گے۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری کی خصوصی ہدایت پر کنٹرول لائن متاثرین کیلئے وفاقی حکومت نے خصوصی پیکج کا اعلان کیا ہے اور رقم آزاد کشمیر کو دی جا چکی ہے۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بھی آپ کے ساتھ ہیں۔ پیپلز پارٹی کے صدر چوہدری محمد یٰسین نے کہا کہ پاک فوج نے جس بہادری، جرات اور جوان مردی کے ساتھ ملکی سرحدوں کا دفاع کیا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ انہوں نے کہا کہ بنیان مرصوص نے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے اور مودی کا غرور نیچے کر دیا مودی کو اب سر چھپانے کی جگہ نہیں مل رہی جس طرح ہماری بری، بحری اور فضائی افواج نے اس معرکہ حق میں اپنے پروفیشنل ازم کا لوہا منوایا اس کی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے گورنر پنجاب کو آزاد کشمیر آمد پر خوش آمدید کہا اور کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ اپنے لوگوں کے ساتھ رہی ہے اور ساتھ رہے گی۔ انہوں نے کہا کہ صدر پاکستان آصف علی زرداری نے متاثرین کیلئے وفاقی حکومت کے ذریعے جو پیکج دیا ہے اس پر ہم ان کے شکر گزار ہیں۔ اس موقع پر میزبان جلسہ اور حلقہ عباسپور سے پیپلز پارٹی کے امیدوار اسمبلی سردار امجد یوسف نے کہا کہ کوئی تصور نہیں کر سکتا تھا کہ بھارت کے جنگی جنون کے باعث آج سے 10 دن پہلے یہاں کی کیا کیفیت تھی پورے آزاد کشمیر میں سے حلقہ عباسپور میں سب سے زیادہ شہادتیں ہوئی ہیں اور لوگ زخمی ہوئے ہیں اس کے باوجود آپ غازیوں اور شہیدوں کی اس دھرتی کے عوام کا جذبات کا بخوبی اندازہ لگا سکتے ہیں یہاں کے عوام اپنے وطن کی حفاظت کیلئے پاک فوج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار کی مانند کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ وزیر امور کشمیر اتحادی جماعتوں کا وزیر ہیں اگر انہوں نے یا کسی وفاقی وزیر نے ذاتی حسد اور ناپسند پر وفاقی وسائل کا استعمال کیا تو یہ کبھی نہیں برداشت کریں گے۔ انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے جس دیدہ دلیری سے دشمن کو عبرتناک شکست سے دوچار کیا اس کی مثال کہیں نہیں ملتی میں اپنی طرف سے اور حلقہ عباسپور کی طرف سے پاک فوج کے سپہ سالار کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

بقیہ 33

میں شامل سیاسی جماعتوں کے اپنے اپنے سیاسی نظریات ہیں، یہ سلسلہ جاری رہتا ہے، بنیادی استفسار یہ تھا کہ یہ رقم کس طرح تقسیم کی گئی ہے؟ آزاد کشمیر کے خزانے سے جب یہ تقسیم ہوتا ہے تو اس کا ایک طریقہ کار طے ہے، اس حوالے سے شاید چیزیں Over Look ہوئی ہیں، ان چیزوں کو دیکھ رہے ہیں، جب میری ان سے بات ہوئی تو سب کا یہی موقف تھا کہ اختلاف رائے ہو سکتا ہے لیکن قومی یکجہتی کو نقصان پہنچنے کے احتمال بارے ایسا کوئی اقدام نہ اٹھایا جائے اور دوسری ان کا مطالبہ بھی یہی تھا کہ وزیراعظم پاکستان اس معاملے کو دیکھیں کہ یہ کیوں کر ہو رہا ہے؟ اور اگر اس میں کوئی Voilation موجود ہے تو اس کا سدباب کیا جائے۔ مجھے امید ہے کہ اگلے دو تین روز میں اس معاملے کو حل کر لیا جائے گا۔

بقیہ 34

بازار گرم کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ بھارت کی طرف اس اسرائیل پر الزام لگ رہا ہے کہ وہ امریکی دباؤ کے آگے جھک گئی۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ رافیل کی نقل کی نمبر دیا گول ہو چکا ہے، جبکہ بھارت آج بھی جھوٹ بول رہا ہے کہ وہ ڈرون تھے۔ خواجہ آصف نے خبردار کیا کہ اگر شملہ معاہدہ ختم ہوتا ہے تو لائن آف کنٹرول کا وجود بھی نہیں رہے گا اور اس کی جگہ سیز فائر لائن بن جائے گی۔ انہوں نے پاکستان کی جنگی تاریخ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ہم دو جنگوں میں حصہ لے چکے ہیں، حالانکہ ان دونوں کا ہم سے کوئی تعلق نہیں تھا۔ ان کا کہنا تھا کہ ان دونوں مواقع پر مجبوریاں ڈکٹیٹرز کی تھیں۔ انہوں نے سابق صدر پرویز مشرف پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا کہ مشرف سے جو مانگا گیا اس نے اس سے کہیں زیادہ دے دیا اور بے گناہ افراد پکڑ پکڑ کر حوالے کیے۔ پاکستان تحریک انصاف پر بات کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ پی ٹی آئی والے اسٹیبلشمنٹ کو گالیاں دیتے ہیں، سیاسی دشمنی کو ذاتی دشمنی میں بدل دیا ہے اور اپنی واحد خوبی مشکل بنائی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم درجہ حرارت کیسے کم کریں، سیز فائر کیسے لائیں، جبکہ جنگ کے دوران ہم نے انہیں حصہ ڈالنے کی دعوت دی، مگر پی ٹی آئی نے اپنے بانی والا رویہ اختیار کیا۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ انہیں نہیں لگتا کہ مذاکرات میں کوئی پیش رفت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جو خلا نظر آ رہے ہیں وہ جلد پورے ہو جائیں گے۔ کچھ خلا عدالت اور الیکشن کمیشن نے پر کرنے ہیں۔ خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ اگر معافی مانگتے ہیں تو پہلے اعتراف تو کریں، یہاں قربان پر کالی ہے اور مودی اور نواز شریف کی جنگ بنا دی جاتی ہے۔

بقیہ 35

کے عہدے پر ترقی دینے کی منظوری دے دی۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ اس میں کہا گیا کہ وزیراعظم نے پوری پاکستانی قوم کو معرکہ حق کے دوران آپریشن بنیان مرصوص کی شاندار کامیابی اور دشمن کے عزائم خاک میں ملانے پر مبارکباد دی۔ بیان کے مطابق وفاقی کابینہ میں گفتگو کے دوران کہا گیا کہ حال ہی میں پاکستان تاریخ کے کٹھن مرحلے سے گزرا۔ وفاقی کابینہ نے کہا کہ 6 اور 7 مئی 2025 کی رات بھارت نے پاکستان پر بلا اشتعال اور بلا جواز جنگ مسلط کی۔ پاکستان کی سول آبادی میں معصوم شہریوں بشمول خواتین اور بچوں کو نشانہ بنایا گیا۔ وفاقی کابینہ کا کہنا تھا کہ دشمن کی جانب سے پاکستان کی خودمختاری اور سرحدی سالمیت کو پامال کرنے کی مذموم کوشش کی گئی۔ کابینہ نے کہا کہ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے مثالی جرات اور عزم کے ساتھ پاک فوج کی قیادت کی اور مسلح افواج کی جنگی حکمت عملی اور کاوشوں کو بھرپور طریقے سے ہم آہنگ کیا۔ وفاقی کابینہ نے کہا کہ آرمی چیف کی بے مثال قیادت کی بدولت پاکستان کو معرکہ حق میں تاریخی کامیابی حاصل ہوئی۔ بیان کے مطابق ان کی شاندار عسکری قیادت، جرات، اور بہادری، پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کو یقینی بنانے اور دشمن کے مقابلے میں دلیرانہ دفاع کے اعتراف میں جنرل سید عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینے کی وزیراعظم کی تجویز کابینہ نے منظور کر لی۔ وزیراعظم نے صدر مملکت آصف علی زرداری سے ملاقات کر کے انہیں اس فیصلے کے حوالے سے اعتماد میں لیا۔ بیان کے مطابق وفاقی حکومت نے ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی مدت ملازمت پوری ہونے پر ان کی خدمات کو جاری رکھنے کا بھی حتمی فیصلہ کیا۔ وفاقی کابینہ نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ افواج پاکستان کے افسران و جوان، غازیان، شہدا اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے پاکستانی شہریوں کو آپریشن بنیان مرصوص کے دوران ان کی گراں قدر خدمات کے اعتراف میں اعلیٰ سرکاری ایوارڈز سے نوازا جائے گا۔ علاوہ ازیں آئی ایس پی آر کے مطابق آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر اللہ تعالیٰ کا شکر گزار ہوں، اپنا اعزاز قوم، افواج پاکستان، سول و ملٹری شہدا اور غازیوں کے نام کرتا ہوں۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ وہ صدر پاکستان آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور کابینہ کے اعتماد کے شکرگزار ہیں۔ انہوں نے خصوصی طور پر قوم کا بھی شکریہ ادا کیا۔ جنرل عاصم منیر نے مزید کہا کہ اعزاز قوم کی امانت ہے، جس کو نبھانے کے لیے لاکھوں عاصم بھی قربان ہیں، یہ انفرادی نہیں بلکہ افواج اور پوری قوم کے لیے اعزاز ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان میں جنرل عاصم منیر دوسری شخصیت ہیں جنہیں فیلڈ مارشل بنایا گیا ہے، اس سے قبل صدر جنرل ایوب خان 1959 میں فیلڈ مارشل بنے تھے۔

بقیہ 36

ملنے پر دلی مبارکباد کا اظہار کیا۔ مبارکباد دی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں وزیراعظم نے کہا کہ وفاقی حکومت کا آپریشن بنیان المرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی مرتب کرنے پر جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دینا دانشمندانہ فیصلہ ہے، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جس طرح ان کی دلیرانہ اور خود دارانہ قیادت میں پاک فوج نے اپنے سے کئی گنا بڑے دشمن بھارت کو معرکہ حق میں عبرتناک شکست سے دوچار کیا وہ اپنی مثال آپ ہے، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے بھارت کا غرور خاک میں ملایا اور مودی کو خاک چاٹنے پر مجبور کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر حقیقی معنوں میں اس ترقی کے لائق ہیں، فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کی مسئلہ کشمیر سے کمٹمنٹ لازوال ہے، ان کی قیادت میں پاک فوج نے معرکہ حق میں بے مثال کامیابی حاصل کی۔ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر نے مظفرآباد میں کہا تھا کہ کشمیر پر تین جنگیں لڑی ہیں سات اور لڑیں گے، انہوں نے مسئلہ کشمیر کے حوالے سے متعدد بار جس جرات مندانہ موقف کا اظہار کیا ماضی میں اس کی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری قوم آج بہت خوش ہے میں ساری کشمیری قوم کی جانب سے انہیں مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر مقبوضہ کشمیر کے کشمیریوں کا بھی مان ہیں مقبوضہ کشمیر میں چسپاں ان کی تصاویر کے پوسٹر کشمیری عوام کی جانب سے ان سے محبت کا بے پایاں ثبوت ہیں۔

بقیہ 37

اوپر سب سے بڑا عہدہ ہے۔ فیلڈ مارشل آرمی افسران میں سب سے زیادہ سینئر فائیو اسٹار افسر ہوتا ہے۔ فیلڈ مارشل (MarshalField) ایک اعلیٰ ترین فوجی عہدہ ہوتا ہے جو عام طور پر کسی ملک کی بری فوج میں دیا جاتا ہے۔ یہ عہدہ جنرل سے بھی اوپر ہوتا ہے اور اکثر اعزازی طور پر دیا جاتا ہے، خصوصاً ان افسران کو جنہوں نے جنگوں میں غیر معمولی خدمات انجام دی ہوں یا ملکی دفاع میں بڑا کردار ادا کیا ہو۔ آج وفاقی حکومت نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی ہے۔ اس سے قبل ملک میں صرف ایک شخصیت کو یہ عہدہ دیا گیا تھا اور وہ صدر جنرل محمد ایوب خان تھے جنہیں 1959 میں یہ عہدہ دیا گیا۔ اس اعزاز پر فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ یہ اعزاز قوم کی امانت ہے جس کو نبھانے کیلئے لاکھوں عاصم بھی قربان ہیں۔ حکومت نے آپریشن بنیان مرصوص کی اعلیٰ حکمت عملی پر جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے عہدے پر ترقی دی ہے۔ فیلڈ مارشل کا یہ اعزاز مسلح افواج میں غیر معمولی اور مثالی قیادت کے تناظر میں دیا جاتا ہے۔ اس عہدے کے ساتھ کسی خاص کمان کی ذمہ داری نہیں ہوتی بلکہ یہ ایک اعزاز کی علامت ہوتا ہے۔ فیلڈ مارشل آرمی میں جنرل کے رینک سے اوپر سب سے بڑا عہدہ ہے، فیلڈ مارشل آرمی افسران میں سب سے زیادہ سینئر فائیو اسٹار افسر ہوتا ہے۔

بقیہ 38

جاری چھاپہ مار کارروائیوں میں تیزی سے کشمیریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ 22 اپریل سے جاری چھاپوں، جبری گرفتاریوں اور سخت نگرانی کی وجہ سے مقبوضہ علاقے میں شدید خوف اور غیر یقینی کا ماحول قائم ہے اور مختلف قصبوں اور دیہات میں لوگوں کو ہراساں کرنا روز کا معمول بن گیا ہے۔ ایک تازہ واقعے میں بھارتی فورسز نے ضلع راجوری کے علاقے کندھا میں ایک کشمیری محمد قاسم کو کالے قانون پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے۔ بھارتی پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ قاسم آزادی پسند اور بھارت مخالف سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ بھارتی پولیس نے محبوب اختر اور دشال شرما نامی دو اور افراد کے خلاف بھی اسی کالے قانون کے تحت سانبہ اور اودھم پور اضلاع میں مقدمات درج کئے ہیں۔ بھارتی قابض فورسز کی ان جابرانہ کارروائیوں کی وجہ سے کشمیریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور مقبوضہ علاقے میں نظام زندگی مفلوج ہو کر رہ گیا ہے۔

بقیہ 39

[illegible] جمشید دستی کے خلاف الزامات اور جعلی اسناد سے متعلق دائر درخواست کی سماعت مکمل ہو گئی، جس کے بعد تین رکنی کمیشن نے فیصلہ محفوظ کر لیا ہے۔ سماعت ممبر سندھ نثار درانی کی سربراہی میں تین رکنی بینچ نے کی۔ درخواست گزار امیر اکبر کے وکیل نے موقف اختیار کیا کہ جمشید دستی نے اپنے کاغذات نامزدگی میں اثاثے چھپائے اور جھوٹی تعلیمی تفصیلات درج کیں۔ وکیل کے مطابق دستی نے کاغذات نامزدگی میں ایف اے لکھا جبکہ وہ میٹرک پاس ہیں اور نہ ایف اے۔ ممبر خیبر پختونخوا نے استفسار کیا کہ کیا جمشید دستی کی اپنی کوئی پراپرٹی ہے جو کاغذات میں ظاہر نہیں کی گئی؟ جس پر وکیل نے اثبات میں جواب دیا۔ دوران سماعت دلچسپ صورتحال اس وقت پیدا ہوئی جب کمیشن کے ممبر بلوچستان نے سوال کیا کہ اگر کوئی شخص ان پڑھ ہو تو کیا ہوگا؟ اس پر ممبر خیبر پختونخوا نے استفسار کیا کہ کیا جمشید دستی نے جھوٹ بولا؟ جس پر وکیل نے کہا جی ہاں، جمشید دستی نے جھوٹ بولا ہے۔ وکیل کے مطابق جمشید دستی نے 2017 میں بی اے کیا، جبکہ وہ ایف اے بعد میں یعنی 2020 میں کرنے کا دعویٰ کر رہے ہیں، جو تسلسل کے لحاظ سے مشکوک ہے۔

بقیہ 40

فوجیوں کو دوبارہ مسلح کیا جا رہا ہے۔ مقبوضہ کشمیر میں عمر عبداللہ حکومت نے منصوبے کی منظوری دے دی ہے۔ حکام نے کہا ہے کہ ان سابق فوجیوں کو جموں و کشمیر کے تمام 20 اضلاع میں بجلی گھروں، پلوں، سرکاری تنصیبات اور دیگر حساس مقامات کی حفاظت پر تعینات کیا جائے گا۔ سابق فوجیوں کو مسلح کرنے کے اعلان پر عام شہریوں میں خوف و ہراس بڑھ گیا ہے۔ مقبوضہ جموں و کشمیر کی سابق وزیر اعلیٰ اور پی ڈی پی کی صدر محبوبہ مفتی نے این سی حکومت سے پہلگام حملے کے بعد 4000 سابق فوجیوں کو سرکاری تنصیبات کی حفاظت پر مامور کرنے کے فیصلے پر نظر ثانی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ محبوبہ مفتی نے جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کو خط لکھا کہ اس فیصلے پر دوبارہ غور کرنے کی اپیل کی ہے۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق منصوبے کے تحت 4000 رضاکار سابق فوجیوں کی شناخت کی گئی ہے، جن میں سے 435 افراد ذاتی لائسنس یافتہ اسلحہ رکھتے ہیں۔ بھارتی وزارت دفاع کے ترجمان اور پی آر او جموں، لیفٹیننٹ کرنل سنیل برتوال نے اس منصوبے کی تصدیق کی ہے۔ سابق وزیر اعلیٰ محبوبہ مفتی نے حکومت کے کلیدی انفراسٹرکچر کی حفاظت کے لئے 4 ہزار سابق فوجی جوانوں کو تعینات کرنے کے فیصلے کی مخالفت کی ہے۔ انہیں جموں و کشمیر میں بے روزگاری کے بڑھتے ہوئے بحران کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ انہوں نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا: عمر عبداللہ کو خط لکھا جس میں ان پر زور دیا کہ وہ اہم تنصیبات کی حفاظت کے لیے 4 ہزار سابق فوجیوں کو ملازمت دینے کے اپنی حکومت کے فیصلے پر نظر ثانی کرے۔ ہمیں جموں و کشمیر میں بے روزگاری کے بڑھتے ہوئے بحران کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے اور نہ ہی ان نوجوانوں کو نظر انداز کرنا چاہیے جن کی تعداد اب لاکھوں تک پہنچ گئی ہے۔

بقیہ 41

کی ایک بڑی تعداد بھی ان کے ہمراہ تھی۔ پرنسپل ادارہ محترمہ نگینہ سرور نے سپاس نامہ پیش کیا جبکہ نظامت کے فرائض میڈم عائزہ شفیع نے سرانجام دیئے۔ پرنسپل ادارہ ہذا میڈم نگینہ سرور نے کالج کے مسائل کی نشاندہی کرتے ہوئے کہا کہ اس کالج کا قیام 2005 میں عمل میں آیا اس وقت 4 لیکچرز سائنس مضامین کی مہیا کی گئی تھیں اور آج 19 سال گزرنے کے باوجود کالج صرف انہیں چار لیکچرز کے ساتھ ہے۔ ان میں سے بھی بیالوجی لیکچرر کی پوسٹ دو سال سے خالی ہے۔ سٹاف کی شدید کمی کے باوجود ادارہ نے نہ صرف علاقہ کی حد تک بلکہ پورے ڈویژن میں بہترین رزلٹ دیئے۔ آج اس ادارہ سے فارغ التحصیل طالبات اعلیٰ سرکاری عہدوں پر فائز ہیں۔ 5 پرائیویٹ لیکچرز ادارہ کے اندر فرائض انجام دے رہی ہیں۔ ادارہ کیلئے لازمی مضامین اردو، انگریزی، مطالعہ پاکستان اور اسلامیات کی کوئی آسامی تخلیق نہیں کی گئی جس کی وجہ سے ادارہ میں طالبات کی تعداد روز بروز کم ہوتی جا رہی ہے۔ ادارہ ہذا کیلئے تدریسی سٹاف کی مکمل فراہمی کو فوری طور پر یقینی بنایا جائے تاکہ موثر تدریسی عمل تواتر سے شروع ہو سکے۔ ادارہ ہذا ایک وسیع رقبے پر محیط ہے جہاں کمپیوٹر، بیالوجی، کیمسٹری، فزکس کی بہترین لیب موجود ہیں مگر لیب اسسٹنٹ کی آسامیاں موجود نہیں۔ چار دیواری نہ ہونے کے باعث کالج کی املاک کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ ادارہ کھیل کے میدان سے بھی محروم ہے۔ یاد رہے کہ یہ ادارہ حسین کوٹ، نجوسہ، دوتھان، ناسوتا، بن بیک، پرکوٹ، چک، برمنگ جیسے وسیع علاقوں کو کور کرتا ہے۔ بہت سی طالبات ڈگری کالج نہ ہونے کی وجہ سے اعلیٰ تعلیم سے محروم ہو رہی ہیں اس لئے مذکورہ کالج کو ڈگری کا درجہ دیا جائے۔ الحاج سردار محمد یعقوب خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے تعلیمی پیکج کے ذریعے مذکورہ تعلیمی ادارہ کو ڈگری کا درجہ دیا تھا تاہم بعد میں آنے والی حکومت نے اسے منسوخ کر دیا

بقیہ 42

موجودہ سٹاک کی موثر مینجمنٹ اور معیاری نظام پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ناگہانی آفات کے دوران فوری اور موثر رسپانس کے لیے ایسی منصوبہ بندی ناگزیر ہے۔ انہوں نے سٹاک ریکارڈ کو ڈیجیٹلائز کرنے، رسپانس ٹائم کو مزید بہتر بنانے، اور اشیاء کی دستیابی سے متعلق ریئل ٹائم اپ ڈیٹ کرنے کی ہدایات بھی جاری کیں۔ ڈائریکٹر جنرل ایس ڈی ایم اے نے کہا کہ سٹاک مینجمنٹ ایک بنیادی پہلو ہے جو کسی بھی ڈیزاسٹر کے وقت متاثرہ افراد تک بروقت ریلیف کی فراہمی میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے مزید کہا کہ ایسی منظم تیاری ادارے کی سنجیدگی اور پیشہ ورانہ رویے کی عکاسی کرتی ہے۔ دورے کے دوران ڈائریکٹر جنرل نے ویئر ہاؤس کے مختلف حصوں کا جائزہ لیا اور بعض انتظامی امور پر اصلاحی تجاویز بھی دیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ SDMA کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پوری طرح مستعد اور تیار ہے۔

بقیہ 43

شیخ راشد مجید اور بلدیہ مجسٹریٹ شیخ زاہد مجید کے والد ماجد سابق رجسٹرار ہائی کورٹ شیخ عبدالمجید کی وفات پر ان کی رہائشگاہ پر جا کر فاتحہ خوانی کی اور پسماندگان سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم جج و رجسٹرار ہائی کورٹ شیخ عبدالمجید کی آزاد کشمیر عدلیہ کے لئے دی جانے والی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ ایک ایماندار، دیانتدار اور اپنے پیشہ سے محبت رکھنے والے نفیس انسان تھے۔ ان کی رحلت سے ان کے خاندان کو جو صدمہ پہنچا ہے اس پر اللہ تعالیٰ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 44

اطراف سامراجی ریاستیں اس جنگی جنون کو بڑھاوا دیتے ہوئے اپنے مفادات اور مقاصد حاصل کرنے میں مصروف ہیں۔ ان خیالات کا اظہار جموں کشمیر لبریشن فرنٹ کے مرکزی چیئرمین سردار صغیر خان ایڈووکیٹ نے منگل کے روز یہاں غازی ملت پریس کلب (رجسٹرڈ) راولاکوٹ میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ جے کے این ایس ایف، این ایس ایف اور پی آر ایف کے مرکزی رہنما و کارکنان جن میں مرکزی صدر جے کے این ایس ایف خلیل بابر، مرکزی صدر این ایس ایف توصیف خالق، مرکزی سیکرٹری جنرل پی آر ایف ابرار لطیف، سینئر رہنما لبریشن فرنٹ جاوید خان، چیئرمین پی آر ایف برطانیہ عرفان یعقوب، ڈاکٹر ممتاز راجہ، سابق صدر این ایس ایف بشارت علی خان، زاہد حسین، افراز لطیف و دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی سرحدوں پر جنگی قوانین کا پاس رکھا جاتا ہے، ہر دو اطراف بین الاقوامی سرحدوں پر جارحیت سے گریز برتا جاتا ہے، لیکن جموں کشمیر میں سیز فائر لائن کو جنگ کا اکھاڑہ بنا کر رکھا گیا ہے، جہاں کوئی جنگی قوانین اور کنونشنز لاگو نہیں ہوتے۔ جموں کشمیر کے لوگوں کا خون سامراجی اور نوآبادیاتی بالادستی کی لڑائیوں میں پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے۔ ہم اس سامراجی کھلواڑ کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ جموں کشمیر کو ان نام نہاد سامراجی جنگوں کا شکار بنانے کا عمل ترک کیا جائے۔ جموں کشمیر میں سیز فائر لائن کے ہر دو اطراف بلا اشتعال بمباری سے جنگی جرائم کیے گئے ہیں اور انسانیت کا قتل عام کیا گیا ہے۔ اس سلسلے کو جموں کشمیر کے لوگ کسی صورت تسلیم نہیں کر سکتے۔ سیز فائر لائن کے ہر دو اطراف نقصانات کا درست تخمینہ لگایا جائے اور ان نقصانات کا ازالہ کیا جائے۔ سرکاری سطح پر یہ نقصانات شائع کیے جائیں۔ دونوں اطراف کے انسانوں کی تباہی و بربادی کا ریکارڈ تک مرتب کر کے پبلک کرنا گوارہ نہیں کیا جا رہا ہے۔ دوسری طرف سامراجی کاسہ لیس کرداروں کو نام نہاد جنگی فتح کا جشن منانے کے لیے سڑکوں پر لایا جا رہا ہے۔ سامراجیت اور نوآبادیاتی نظام کے یہ سہولت کار ریاستی ایماء پر آزادی اور انقلاب کے لیے جدوجہد کرنے والوں، جنگ مخالف آواز اٹھانے والوں کے خلاف زہریلا پروپیگنڈہ کرنے میں مصروف ہیں۔ یہ سلسلہ ترک نہ کیا گیا تو اس کا بھرپور جواب دیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آج ایک بار پھر ماضی کی طرح امریکی سامراج نے مسئلہ جموں کشمیر کے حل کے لیے ثالثی کرنے کی پیشکش کی ہے، جسے نوآبادکاروں اور نوآبادیاتی نظام کے سہولت کاروں کی جانب سے خوش آمدید کہا جا رہا ہے اور جموں کشمیر کے لوگوں کو ایک بار پھر دھوکہ دینے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ دوسری جانب بھارتی حکومت اٹوٹ انگ کا جعلی دعویٰ دہرانے میں بدستور مصروف نظر آ رہی ہے۔

بقیہ 45

تاج دین جو مورخہ 22 اپریل 2025 کو دریائے نیلم میں نہاتے ہوئے ڈوب گیا تھا۔ بعد ازاں شعیب خان کے ورثا بھی آزاد پتن آئے جہاں قانونی کارروائی اور پہچان کے بعد ڈیڈ باڈی ان کے حوالے کر دی گئی۔

بقیہ 46

نظریے کے مطابق تحریک آزادی کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر متحرک کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کینیڈا کے شہر کیلگری میں کشمیری نژاد تاجر حافظ ظریف حنیف کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیئے گئے استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب سے سردار غضنفر حیات خان، ڈاکٹر الیاس خان، شاہ بال خان، سردار مشتاق خان، سردار ہمایوں خان، اور دیگر نے بھی خطاب کیا جب کہ میزبان حافظ ظریف حنیف خان نے مہمانوں کی آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا۔ بشیر سدوزئی نے کہا کہ مسئلہ کشمیر کی وجہ سے برصغیر کی نئی جنگ کا خطرہ اور عوام خطرے میں ہے کیوں کہ جموں و کشمیر کے حریت پسند جدوجہد آزادی جاری رکھے ہوئے ہیں، مودی مائنڈ سیٹ پاکستان پر بلا جواز الزامات لگاتا ہے، جس سے دو ایٹمی طاقتیں آمنے سامنے ہیں۔ حالیہ جنگ کے دوران بھی بین الاقوامی طاقتوں نے بروقت مداخلت نہ کی ہوتی تو نقصان کے بڑھنے کا اندیشہ تھا۔ انہوں نے کہا کہ مودی کے فاشزم کا بین الاقوامی سطح پر جواب دینے کے لیے جموں و کشمیر کی تحریک آزادی کو باصلاحیت مدبر اور دلیر قیادت کی ضرورت ہے جو ایک قوم کی تحریک آزادی کو بین الاقوامی سطح پر متعارف کرا سکے۔ آزادی کے بیس کیمپ سے فائدہ حاصل کیا جانا چاہیے تاہم بدقسمتی سے اس وقت کشمیری عوام قیادت سے محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بغیر لیڈر کے کوئی بھی قوم آزادی حاصل نہیں کر سکتی۔ مجھے گمان ہے کہ بین الاقوامی یونیورسٹیوں میں زیر تعلیم ہمارے بچوں میں سے کوئی نوجوان ہی سامنے آئے گا جو تحریک کو منطقی انجام تک پہنچائے گا۔ انہوں نے کہا کہ یہ المیہ ہے کہ 78 برسوں کے دوران ہمارے بیانیے کو بین الاقوامی پذیرائی نہیں ملی، جس سے بھارت جموں و کشمیر پر غیر قانونی قبضہ کرتا رہا، مادر وطن پر بھارت کے اس ناجائز قبضہ کو چھڑانے کے لیے مسلح جدوجہد کے ساتھ سفارتی سطح کو بھی مضبوط کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 47

جنرل اقوام متحدہ اپنا خصوصی پاسپورٹ جاری کریں حکومت پاکستان انہیں شہریت دے وہ ریاست جموں کشمیر کی شہری اور اسٹیٹ سبجیکٹ ہولڈر ہیں قانون ساز اسمبلی میں اس حوالے سے باضابطہ قرارداد جمع کروانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا کہ مودی حکومت اپنے اوپر تنقید کرنے والے کشمیریوں اور دیگر شہریوں کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی بدترین مثال قائم کر رہی ایسا شہ کول اور اس طرز کے دیگر متاثرہ افراد جن کا تعلق جموں و کشمیر سے ہے کو اقوام متحدہ کا پاسپورٹ دیا جائے یا پاکستان انہیں شہریت دے، راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا کہ ہندوستان میں ایک مسلمانوں اور دیگر مذاہب کے ماننے والوں کو مودی پر تنقید کرتے ہوئے گرفتار کیا جا رہا ہے تاہم آپریشن سندور کی ناکامی کے بعد دنیا بھر میں ہونے والی ذلت کو مٹانے کے لیے مودی مسلمانوں اور ہندوؤں سمیت دیگر کو نشانہ بنا رہا ہے

بقیہ 48

مصنوعی ذہانت (AI) کے شعبے میں اجتماعی اقدامات کو فروغ دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ کانفرنس کا موضوع پائیدار ترقی کے لیے قابل اعتماد اور اخلاقی مصنوعی ذہانت تھا۔ اجلاس میں او آئی سی - کامسٹیک کے کوآرڈینیٹر جنرل پروفیسر ڈاکٹر محمد اقبال چوہدری نے چار رکنی وفد کی قیادت کی جبکہ پاکستان سے وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کی نمائندگی ڈائریکٹر شکیل ارشد نے کی۔ اجلاس کا افتتاح ایران کے نائب صدر اول محمد رضا عارف نے کیا جبکہ اجلاس میں اسلامی تعاون تنظیم کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل (سائنس و ٹیکنالوجی) آفتاب احمد کھوکھر، برونائی دارالسلام، انڈونیشیا، ایران، قازقستان، ملائیشیا، پاکستان، سعودی عرب، تیونس، ترکیہ اور قطر کے اعلیٰ سطحی وزارتی وفود شریک ہوئے۔ اجلاس کے دوران تہران اعلامیہ کو متفقہ طور پر منظور کیا گیا، جس میں او آئی سی رکن ممالک کے مابین مصنوعی ذہانت کے میدان میں تعلیم، تحقیق، بنیادی ڈھانچے، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور علمی اشتراک پر زور دیا گیا ہے۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ رکن ممالک مصنوعی ذہانت میں مہارت رکھنے والی افرادی قوت کی تیاری، مشترکہ تحقیقی منصوبوں، بہترین عالمی تجربات کے تبادلے، وسائل کی شراکت، آرٹیفیشل انٹیلیجنس کا محفوظ اور اخلاقی استعمال سمیت نجی و سرکاری شعبوں میں تعاون کو فروغ دیں گے تاکہ عالمی سطح پر مسابقت بڑھائی جا سکے۔ شرکاء نے صحت، موسمیاتی تبدیلی، غذائی تحفظ اور پانی سے متعلق مسائل کے حل کے لیے مشترکہ تحقیق اور اختراعات کی ضرورت پر بھی زور دیا

بقیہ 49

بریفنگ دی۔ انہوں نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی سمیت دیگر جارحانہ بھارتی اقدامات اشتعال انگیز، بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی سنگین خلاف ورزی ہیں۔ عاصم افتخار نے سفرا کو آگاہ کیا کہ بھارت کی طرف سے جارحیت کی صورت میں کھلا کارروائی پر پاکستان کا ردعمل عالمی چارٹر کے تحت اپنے دفاع کے حق کے استعمال میں مناسب اقدام تھا۔ انہوں نے عرب سفرا سے جنگ بندی کو برقرار رکھنے اور کشیدگی میں کمی کے لیے تمام ضروری اقدامات کرنے کے لیے پاکستان کے عزم کا اظہار کیا۔ پاکستانی مندوب نے کہا کہ جموں و کشمیر تنازع کو اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق حل کیے بغیر جنوبی ایشیا میں پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا۔

بقیہ 50

بڑی کمپنیوں میں شراکت دار کے طور پر دیکھیں۔ امریکہ میں پاکستانی سفیر رضوان سعید شیخ کی زیر صدارت امریکی تاجروں، سرمایہ کاروں اور کاروباری برادری کی راؤنڈ ٹیبل پر سرمایہ کاری اور دو طرفہ تعاون کے فروغ کے حوالے سے تفصیلی بات چیت امریکہ میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ کے دورہ لاس اینجلس کے موقع پر پاکستان کے قونصل خانے کی جانب سے اعلیٰ سطح کے بزنس راؤنڈ ٹیبل کا انعقاد کیا جس میں امریکی کاروباری شخصیات، سرمایہ کاروں اور بزنس ایگزیکٹیوز کو پاکستان میں تجارت اور سرمایہ کاری کے مواقع پر تفصیلی بات کے لئے مدعو کیا گیا۔ یہ راؤنڈ ٹیبل ایس آئی ایف سی، اسپیشل انویسٹمنٹ فیسیلیٹیشن کونسل، فریم ورک کے تحت منعقد کی گئی۔ یہ اجلاس قونصل جنرل عاصم علی خان، ٹریڈ اینڈ انویسٹمنٹ قونصلر قرۃ العین فاطمہ اور دیگر سینئر حکام کی کوششوں سے منعقد ہوا۔ اپنے کلیدی خطاب میں سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے ایس آئی ایف سی فریم ورک کے تحت حکومت کی جانب سے وضع کی جانے والی ادارہ جاتی اصلاحات اور پالیسی مراعات کے نتیجے میں پاکستان کے سرمایہ کاری منظرنامے میں آنے والی مثبت تبدیلیوں پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے ترجیحاتی شعبہ جات میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے حوالے سے سرمایہ کاروں کو دعوت دی کہ وہ پاکستان کی تیزی سے ترقی کرتے ہوئے صنعتی انفراسٹرکچر، نوجوان افرادی قوت اور مسابقتی منڈی تک رسائی سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے پاکستان کی معیشت کی بہتری اور عالمی سطح پر حکومت کی معاشی پالیسیوں کو سراہے جانے کے رجحان سے بھی شرکا کو آگاہ کیا۔ قونصل جنرل عاصم علی خان نے شرکا کو خوش آمدید کہا اور بالخصوص کیلیفورنیا اور مغربی امریکہ میں کاروباری روابط کو فروغ دینے میں قونصل خانے کے عزم کو دہرایا۔ انہوں نے پاکستان میں پائیدار انفراسٹرکچر، ٹیکنالوجی، سلوشنز اور ایگری ٹیک کی بڑھتی ہوئی مانگ پر زور دیا جو امریکی جدت پسند شراکت داریوں کے لیے وسیع تر مواقع فراہم کرتی ہے۔

بقیہ 51

کی مجموعی سیاسی، معاشی اور سفارتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر مسئلہ کشمیر، ملکی سیاست، معیشت اور خطے میں امن و امان کی صورتحال سمیت دیگر اہم امور پر تفصیلی گفتگو ہوئی۔ سردار تنویر الیاس خان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بھارت گزشتہ 77 برسوں سے مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہا ہے، لیکن اقوام متحدہ، یورپی یونین اور عالمی ادارے تاحال خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام نے بھارتی ظلم کے خلاف عظیم قربانیاں دی ہیں، اور آج بھی الحاق پاکستان کے لیے پرعزم ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی عوام اور افواج، کشمیریوں کی امیدوں کا مرکز ہیں، جو نہ صرف ملکی سرحدوں کا دفاع کر رہی ہیں بلکہ داخلی و خارجی سطح پر امن کے قیام میں بھی کلیدی کردار ادا کر رہی ہیں۔ اس اہم ملاقات میں متعدد سیاسی و سماجی شخصیات نے بھی شرکت کی جن میں چوہدری علی شان سونی (رکن اسمبلی)، سردار احمد صغیر (مشیر حکومت)، سردار عدنان سیاب خالد (رکن کشمیر کونسل)، سردار امتیاز شاہین (سابق معاون خصوصی)، سردار افتخار رشید (پولیٹیکل ایڈوائزر)، مرزا وحید بیگ (ڈسٹرکٹ کونسلر)، سردار صدام نسیم (سابق اسٹاف آفیسر)، راجہ قمر الزمان (میڈیا کوآرڈینیٹر)، سردار قیصر عزیز صابر (سابق پولیٹیکل سیکرٹری)، سردار مشعل یونس (ترجمان آئی پی پی)، سردار طاہر سلطان (سابق ڈی پی او پونچھ)، سردار عمران یاسین (سابق پی آر او)، سید ارشد گردیزی (لوکل پرنٹ سوشل میڈیا)، سردار افتخار احمد سردار علمان فدا، سید انعام گیلانی (سابق ڈپٹی افسر)، عطاء الرحمن عباسی، سردار کلیم ارباب، ارشاد بیگ، سردار عاصم حمید، سردار فاران انور اور سردار جواد سید حسین شامل ہیں۔

بقیہ 52

کی صدارت ڈائریکٹر جنرل کریکولم ایچ ای سی ڈاکٹر امجد حسین نے کی جبکہ ممبر پاکستان بار کونسل حسن رضا پاشا، ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف لیگل ایجوکیشن پاکستان (ڈی ایل ای) بیرسٹر اسامہ ملک اور ڈین قائد اعظم یونیورسٹی سکول آف لاء ڈاکٹر عزیز الرحمان نے اجلاس میں شرکت کی ڈپٹی ڈائریکٹر (کریکولم) ایچ ای سی ہدایت اللہ کاسی نے بطور سیکرٹری اجلاس میں شرکت کی۔ کمیٹی نے چار سالہ ایل ایل بی پروگرام کی اصولی منظوری دی اور ڈگری کے لئے نئے نصاب کو دوبارہ ڈیزائن کیا

بقیہ 53

پیش کیا، ڈی جی آئی ایس پی آر نے چائنیز میڈیا گروپ کے ہر سوال کا مفصل اور حقائق پر مبنی جواب دیا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ دنیا کے جتنے بھی ممالک ہیں سب کو بڑے چیلنجز کا سامنا ہے، جو بڑے ممالک ہیں ان کو چیلنج بھی بڑا ہے، لوگ انسانیت کی ترقی کی جانب دیکھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستانی قوم نہ تو پہلے جھکی تھی اور نہ ہم اب جھکیں گے، پہلے بھی کہتا رہا ہوں اور اب بھی کہتا ہوں کہ ہماری شہادت کی آرزو زندگی سے زیادہ ہے، چاہے کسی نے بھی، سفید یا خاکی وردی پہن رکھی ہے شہادت ہمارے لئے اعزاز ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاکستان اور چین دنیا میں دو ذمہ دار ملک ہیں، پاکستان اور چین دونوں کی پہلی ترجیح لوگوں کی فلاح و بہبود ہے، لوگوں کی خوشحالی ہمیشہ امن و استحکام سے آتی ہے، پاکستان اور چین دونوں کی خطے میں امن و استحکام کیلئے کوششیں ہیں، اس کیلئے ہم دہشتگردی کی لعنت سے لڑ رہے ہیں، دہشتگردی کا مقصد ہی ترقی کو روکنا ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ چین نے انتہائی کم عرصے میں اتنی بڑی آبادی کے ساتھ جو ترقی کی ہے اسے دنیا کو دیکھنا چاہیے، پاکستان کے عوام بھی یہی چاہتے ہیں کہ ہم ترقی اور استحکام کی جانب جائیں

بقیہ 54

ممتاز کاظمی، ڈپٹی کمشنر باغ راجہ صداقت خان، ڈپٹی کمشنر حویلی راجہ عمران شاہین، ایس پی سدھنوتی راجہ ندیم عارف، ڈی ایس پی سٹی راولاکوٹ اکمل شریف، ڈی ایس پی باغ سیاب عباسی اور ڈی ایس پی حویلی سردار فاروق نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر پونچھ ڈویژن نے کہا کہ ریاستی اداروں پر عوام کے اعتماد کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت ہے۔ انتظامی افسران لاء اینڈ آرڈر کی بہتری اور عوامی مسائل کے بروقت حل کو یقینی بنائیں تاکہ ریاستی نظام پر عوامی بھروسہ قائم رہے۔ ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس سردار ظہیر احمد نے اجلاس سے خطاب میں کہا کہ پولیس اور سول انتظامیہ کے باہمی تعاون سے ہی خدمات کے معیار کو بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ اجلاس میں موجودہ شدید گرمی اور بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ پر بھی غور کیا گیا۔ کمشنر نے محکمہ برقیات کو ہدایت کی کہ عوام کو درپیش مشکلات کو فوری ایڈریس کیا جائے۔ ناظم برقیات ذوالفقار عباسی کو ہدایت دی گئی کہ آندھی و طوفان سے متاثرہ بجلی لائنوں کی مرمت جلد از جلد مکمل کی جائے تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے

بقیہ 55

سردار راشد افراز، خواجہ سجاد، رضوان خادم و دیگر نے دعوتی مہم کے دوران ممبر اسمبلی سردار حسن ابراہیم خان، سابق امیر جماعت اسلامی آزاد کشمیر ڈاکٹر خالد محمود، سابق وزیر حکومت سردار عابد حسین عابد، سابق وزیر حکومت سردار طاہر انور، سابق چیئرمین پی ڈی اے سردار راشد نیازی، سابق ایڈمنسٹریٹر سردار ڈاکٹر شیر افضل، سابق مشیر حکومت سردار حمید افضل، انجمن تاجران راولاکوٹ کے صدر افتخار فیروز، راولاکوٹ انجمن تاجران کے صدر سردار عمر نذیر، گلڈز ٹرانسپورٹ کے صدر سردار عمران سجاق و دیگر کو ریلی میں شرکت کی دعوت دی۔ اس موقع پر تمام شخصیات کی جانب سے میونسپل کارپوریشن کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے بہادر افواج کی جانب سے دشمن کو دیے گئے دندان شکن جواب کو پوری قوم کے سر فخر سے بلند کرنے کے مترادف قرار دیا اور کہا کہ بہادر افواج پاکستان کی بدولت آج پاکستان کا سر دنیا میں فخر سے بلند ہوا۔ کشمیر پر پاکستان کے جاندار موقف کی وجہ سے کشمیریوں کے بھی حوصلے بلند ہوئے ہیں جس پر پوری کشمیری قوم خراج تحسین پیش کرتی ہے۔ اس موقع پر میونسپل کارپوریشن کی خصوصی کمیٹی نے انجمن تاجران راولاکوٹ کی جانب سے 21 مئی 2025 کو ریلی کے اوقات کے دوران شٹر ڈاؤن کے اعلان پر بھی شکریہ ادا کیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆